ੴ ਸ੍ਰੀ ਵਾਹਿਗੁਰੂ ਜੀ ਕੀ ਫਤਹ

TASNIFAT - I - 'GOYA'

Persian writings of:

BHAI NAND LAL 'GOYA'

Court Poet of

SHRI GURU GOBIND SINGH

Containing

DIWAN-I-GOYA, ZINDGI NAMAH, JOT VIKASH (Hindi & Persian), GANJ NAMAH and TAUSIF-O-SANA

Compared, Arranged and Edited by

MAHAN SINGH GYANI

EDITOR, KHALSA SAMACHAR, AMRITSAR.

APRIL 1963

KHALSA TRACT SOCIETY
AMRITSAR.

First Edition

Price Rs. 8/- per (Cloth bound) Copy

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

ੴ ਸ੍ਰੀ ਵਾਹਿਗੁਰੂ ਜੀ ਕੀ ਫਤਹ

تصنیفاتِ گویا

گورو پیارے طالب صادق گورمکھ بھائی نندلال صاحب گویا

شاعرِ دربار

شری گورو گوبند سنگھ جی کلغی دھر مہاراج پادشاہِ دہم

کی

چھ تصانیف دیوانِ گویا۔ زندگی نامہ۔ جوت بکاس (ہندی و فارسی)، گنج نامہ
و توصیف و ثنا

مرتبہ

مہاں سنگھ گیانی ایڈیٹر "خالصہ سماچار" امرتسر

خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی۔ امرتسر

~~NOVEMBER 1962~~

APRIL 1963

First Edition. Price Rs. 8/- per (Cloth bound) Co

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

Desire of worship brought me into existance,
Otherwise, I had no liking to come.



By [illegible] from a [illegible] the Central Sikh Museum, [illegible]

BHAI NAND LAL "GOYA"

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

ملک الشعرا سخنور بے مثال

بھائی صاحب بھائی نند لال گویا جیو!

ازعقیدت مند قلم گوہر رقم شری لکش ویر سنگھ صاحب مضطر نابھوی

اے بزرگِ نیک سیرت پاک طینت خوش خصال
اے سخن سنج و سخن گو شاعر شیریں مقال

نکتہ دان و نکتہ سنج و نکتہ در نکتہ سرا
خوش زبان و خوش بیان و خوش کلام و خوش کمال

صوفیٔ سرشار بیخود، گوہرِ بحرِ علوم
صاحبِ کسب و ہنر، در فنونِ بے مثال

مخزنِ عرفان و حکمت نیک دل روشن ضمیر
گنجِ اوصاف و فضائل جامع الفیض و کمال

مقبولِ حق، عارف و صاحبدل و پرہیزگار
بندۂ درگاہِ عالی واقفِ اسرار و حال

صاف ظاہر پاک باطن صادق القول و عمل
ستگورو بایک نظر کردت ز بخشائش نہال

فخرِ شعراء زینتِ بزمِ گورو گوبند سنگھ
نور افشاں مثلِ شمع انجمن روشن جمال

کامیابِ بخششِ نظرِ عنایاتِ گورو
فیض یابِ صحبتِ پاکِ رسول ذوالجلال

قطعہ

آنچہ خوش کن منظرِ دربار کلغی دھر بود
نذر گزرانید گویا چوں کلامِ بے مثال

بندگی نامہ بنامِ زندگی شد سرفراز
یافت از ستگور حیاتِ جاودانی نند لال

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

جز ثنا و بندگئے ربِ شعارِ تو نبود
غیر لفظِ یادِ حق ننوشتۂ دیگر مقال

باعثِ برکات و رحمت گنجِ توصیف و ثنا
عالی دیوانت کلیدِ قفلِ دریائے وصال

زندگی نامہ بسانِ چشمۂ آبِ حیات
ہر کہ خواند مے کند در بندگی حاصل کمال

درسِ تصنیفِ مقدس می دہد از حق سبق
کلمہ کلمہ جملہ جملہ مظہرِ حسن و جمال

ہست ہر شعر و غزل جامِ مئے عرفان و شوق
آستانِ مرشدِ کامل نماید ہر خیال

شد معطر از بوئے گلہائے گویا باغِ ہند
یادگارِ جاوداں باشد سخن از تو کمال

افتخارِ قوم و ملک و ملک الشعرائے ہند
مرحبا اے شاعرِ فرخ رخ و فرخندہ فال

از گلستانِ گورو گوبند سنگھ سوئے ترا
با خرامِ ناز گویا می وزد بادِ شمال

مرشدِ کامل ترا بنمود منزل گاہِ تو
اے زہے آں صحبتِ پاک شدہ بیزوال

ہر سخن آئینہ دارِ الفتِ پاکِ گورو
مالا مال از ذکرِ اقدس دامنِ فکر و خیال

زیست و عمر و نفس ہا فنا فی العشقِ گورو
حمد گو لب ہا، زبانت دائما مدحت سگال

اے بزرگِ نیک و عالی دستِ مضطر را بگیر
تا نہ باشم پیشِ ستگورِ روزِ غرقِ انفعال

جاوداں باد از من بر تو درودِ بیکراں
دائما رحمت کند بر روحِ اقدس ذوالجلال

کے تواند شد فراموش گفتگوئے پاکِ تو
زندۂ جاوید باشد بھائی صاحب نندلال

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

ایک اونکار ستگور پرساد

دیباچہ

مُدّت سے آرزو تھی، نہ صرف ہماری، بلکہ خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی کی بھی کہ شری گورو گوبند سنگھ صاحب کے خصوصی شاعر بھائی نندلال صاحب مُتخلّص بہ گویاؔ کی تصنیفات تمام فارسی رسم الخط میں یک جا جمع کی جائیں مگر اُن کے قلمی نُسخہ جات دستیاب نہ ہو سکے اور یہ آرزو پوری نہ ہو سکی۔ پچھلے سال ماہ مارچ ۱۹۶۱ء میں ہم نے اخبار "خالصہ سماچار" میں زندگی نامہ کا پنجابی ترجمہ شائع کرنا شروع کیا اور بھائی نندلال صاحب کی تصنیفات کی تلاش کے لئے اپیل شائع کی۔ جس کے جواب میں دیوانِ گویاؔ و زندگی نامہ کا ایک قلمی نُسخہ نیز ایک دو اور مطبوعہ کُتب ہمارے پاس پہنچ گئیں۔ شریان ڈاکٹر بلبیر سنگھ صاحب (برادرِ حقیقی شریان بھائی صاحب بھائی ویر سنگھ صاحب۔ جو ڈیرہ دُون میں مقیم ہیں) سے گذارش کی گئی۔ اُنہوں نے بڑی محنت سے قلمی نُسخوں کے ذخیرہ سے ایک فارسی نُسخہ ڈھونڈ نکالا۔ جس میں بھائی نندلال صاحب کی پانچ عدد تصنیفات شامل ہیں۔ اور شائد یہ وُہی نُسخہ ہے جس میں سے محترم بھائی صاحب بھائی ویر سنگھ جی نے ۱۹۱۴ء میں گنج نامہ کا پنجابی ترجمہ کر کے خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی کی طرف سے ٹریکٹ نمبر ۴۸۶ کی صورت میں شائع کیا تھا۔ مگر معلوم

ہوتا ہے کہ بعد ازاں یہ نسخہ کسی ایسی جگہ رکھا گیا جو سامنے نہ آیا اور "گنج نامہ" کا نام طباعت
کیوقت سہواً "توصیف وثناء" چھپ گیا۔

نسخہ مذکور کے ملنے سے ہماری بڑی ڈھارس بندھ گئی اور اُمید بر آتی نظر آئی۔ کئی ایک
شائع شدہ پنجابی ترجمے منثور و منظوم جو بازار سے مل سکتے تھے یا دوستوں سے جمع ہو سکتے
تھے جمع کئے گئے تاکہ اُن کا آپس میں مقابلہ کر کے جہاں تک ہو سکے درست تصنیفات پیش کی
جائیں۔ جب دیکھا گیا تو گورمکھی میں شائع شدہ کتب میں املا و تلفظ کی بیشمار غلطیاں سرزد ہو
گئی تھیں اور کئی جگہ اصل عبارت ہی بدل گئی تھی۔ جو فارسی ناخواندہ گورمکھی نویسوں کی عنایت
ہے۔ چنانچہ ہم نے گورمکھی اور فارسی کے نسخوں کا مقابلہ کیا اور دستیاب شدہ تصنیفات کے
مسودہ جات تیار کئے اور اشعار میں جو کمی وبیشی اور عبارت میں جسقدر اختلافات پائے گئے
اس غرض کے لئے نوٹ کر لئے گئے تاکہ کسی فارسی اور عربی کے عالم وفاضل سے اصلاح کرائی
جا سکے اور وہ یہ فیصلہ دے سکے کہ ان اختلافات میں سے کونسی عبارت اس قدر صحیح معنی خیز
اور علمِ عروض کی رُو سے درست ہے جو باور کی جا سکے کہ واقعی ملکِ الشعراء بھائی نندلال صاحب
کی قلمِ گوہر رقم کی نوشتہ ہوگی۔

یہ مشکل خودبخود حل ہوگئی۔ اور ایک ایسے ہی صاحب مل گئے جنہوں نے گورُد گھر کی
یہ نشکام سیوا متواتر کی ہے۔ لہذا بموجب اقرار ان کے ذکر و نام کی اشاعت کی مطلق اجازت
نہیں ہے۔ اس جذبہ کے ماتحت کہ قوم کی خاطر جو کچھ کیا گیا وہ منت کشِ تفسیر ہذا نہیں۔

ہم ناظرین پر یہ واضح کرنا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ اشعار کی تصحیح میں مندرجہ ذیل باتوں
کو مدِنظر رکھا گیا ہے:-

اوّل۔ شعر کا وزن علمِ عروض کے لحاظ سے اختلاف والی کونسی عبارت سے درست
سمجھا جا سکتا ہے۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

دوئم شعر کے معنی کس لفظ کی موجودگی میں (وزن قائم رکھتے ہوئے) درست اور معنی خیز ہیں۔
سوئم بھائی صاحب بھائی نند لال جی کے دیگر اشعار کی روشنی میں کون سے لفظ کی موزونیت قرین قیاس ہے۔ حتی الوسع یہ کوشش کی گئی کہ بھائی نند لال صاحب کی قلم سے لکھے گئے اشعار کا صحیح نقشہ ہی تلاش کر کے دیا جائے اور اپنی طرف سے کسی تبدیلی یا اضافہ کی آزادی نہ لیجائے۔ اس کوشش میں ہم کہاں تک کامیاب ہو پائے ہیں ناظرین اس کے مطالعہ سے خود اندازہ کر سکیں گے۔

بھارت کی آزادی کے بعد یہاں پنجاب کے مدارس میں اردو کی تعلیم تقریباً ختم ہو گئی ہے۔ جب اردو ہی نہ پڑھا جائے تو فارسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے ہو سکتا ہے کہ کوئی صاحب یہ کہے کہ بھائی نند لال صاحب کی تصنیفات کو فارسی رسم الخط میں شائع کرنے سے کیا مطلب؟ ہمارے خیال میں اس گرانقدر قومی و ادبی سرمایہ کو فارسی میں زندہ رکھنے کی ایسے حالات میں ہی سب سے زیادہ ضرورت ہے کیونکہ گورمکھی حروف میں جو کتب فارسی کی اب تک شائع ہوئی ہیں وہ غلطیوں سے معمور ہیں۔ ان میں اشعار کے اصل الفاظ دریافت کرنا دشوار ہو گیا ہے۔ اگر فارسی رسم الخط میں یہ قیمتی ادبی خزانہ اب قائم نہ رکھا جائے تو کل اس کی صحیح حالت قائم رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ اگر یہ فارسی رسم الخط میں زندہ رہیں تو زمانہ میں ادیب ہوتے ہی رہیں گے اور ان کیلئے ان سے استفادہ اٹھانا مشکل نہیں ہوگا۔ دوسری بات یہ بھی ہے کہ جس طرح اردو فارسی کی تعلیم ختم ہو رہی ہے اسی طرح ان تصنیفات کے باقی ماندہ قلمی نسخہ جات بھی (جو کہ پنجاب میں ایک دو ہی سنے جاتے ہیں) ہو سکتا ہے کہ کسی الماری کے تاریک کونہ میں پڑے ہوئے دیمک کی خوراک بن جائیں یا قدر دانوں کی وفات کے بعد ناخواندہ اولاد کے ہاتھ ردی کے ڈھیر میں شامل ہو جائیں اور ہماری آج کی لاپرواہی سے ہمارا لامحدود خزانہ تباہ و برباد ہو جائے۔ لہذا مناسب یہی سمجھا گیا ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے اور جسقدر بھی تصنیفات دستیاب ہو سکیں۔ ان کو ایک دو قلمی نسخوں کی صورت میں نہ رہنے دیا جائے بلکہ سینکڑوں

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

ہیں طبع کر دیا جائے تاکہ یہ ہمیشہ کے لئے زندہ رہ سکے۔ ہمیں افسوس ہے کہ جتنا دیدہ زیب اور خوبصورت ہم ان کو طبع کرنا چاہتے تھے ویسا نہیں ہو سکا۔ تاہم موجودہ حالات میں اپنی طرف سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا گیا۔

ملک الشعرا بھائی نندلال صاحب کی مختصر سوانح حیات :-

بھائی نندلال صاحب متخلص بہ گویا سری گورو گوبند سنگھ صاحب کے باون شعرا میں سے ممتاز عربی فارسی کے عالم و فاضل اور برگزیدہ شاعر تھے۔ آپ کی ولادت غزنی میں ہوئی تھی۔ آپ کے والد ماجد شری چھجو رام کھتری جو فارسی کے بڑے عالم تھے روزی کی تلاش میں اپنا وطن پنجاب چھوڑ کر غزنی جا بسے تھے اور وہاں کے حاکم کے میر منشی کے اعلیٰ عہدہ پر فائز ہو گئے تھے۔ یہ واقعہ ۱۶۳۰ء کا ہے۔ اس قیام میں ہی ۱۶۳۳ء میں آپ کے ہاں بھائی نندلال صاحب کا جنم ہوا۔ باپ کی اعلیٰ علمیت کے سبب بھائی نندلال جی کو بھی اوائل عمر سے ہی تعلیم و تربیت درست ملی۔ آخر یہ بھی بڑے لائق اور فاضل ہو گئے۔ شری چھجو رام جی فقیرانہ روش کے شخص تھے اسی لئے بھائی نندلال صاحب کا دل بھی فقر و عرفاں کی طرف مائل ہو چکا تھا۔ بارہ برس کی عمر ہونے پر والد نے اپنی کل کی ریت کے مطابق بھائی نندلال کو اپنے کل گورو سے وشنو دھرم کی دیکھیا دلانی چاہی۔ مگر اس چھوٹی عمر میں ہی اس ہونہار نونہال نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور جواب دیا کہ جب تک میں خود اپنی تسلی نہ کر لوں کسی کو گورو تسلیم نہیں کروں گا۔

بھائی نندلال صاحب کی جب ۱۹ برس کی عمر ہوئی تو پہلے والدہ محترمہ اور پھر والد ماجد کا انتقال ہو گیا۔ والئے غزنی نے ان کو آپ کے والد مرحوم کی جگہ دیوان مقرر نہیں کیا بلکہ کچھ کم عہدہ دے دیا۔ جس پر آپ دل برداشتہ ہو گئے اور غزنی چھوڑ کر اپنے آباؤ اجداد کے وطن پنجاب آنے کی ٹھان لی۔ چنانچہ ایک قافلہ کے ساتھ چل دیئے۔ اور ملتان پہنچ کر دہلی دروازہ میں اپنا گھر بنا کر رہنے لگے۔ آپ کا ایک خادم (جو غزنی سے آپ کے ساتھ آیا تھا) وہ آپ کو "آغا" کہہ کر

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

پکارا کرتا تھا، جس سے اس محلے کا نام آغا پورہ پڑ گیا۔ یہاں رہتے ہوئے آپکی شادی خانہ آبادی ایک اچھے کھتری گھرانہ میں ہوگئی۔ رفیقۂ حیات جو ملی وہ گورو گھر کی شردھالو لڑکی تھی۔ گھر میں آکر سکھ گورو صاحبان کا کلام جب اس نے بلاناغہ پڑھنا شروع کیا تو آپ کے دل پر بھی جو والد ماجد کی صحبت بابرکت سے متاثر تھا اور ایشور بھگتی کے جذبات سے بھرا ہوا تھا بہت اثر ہوا۔ چنانچہ آپ بھی گوربانی کے شائق ہو گئے۔ سری گورو نانک دیوجی کی الہامی بانی پر وشواس بڑھتا گیا۔ تسکینِ قلبی حاصل ہوئی اور یہ پیار رفتہ رفتہ بڑھتا اور گہرا ہوتا رہا۔ آپ کے گھر دو لڑکے لکھپت رائے اور بیلا رام پیدا ہوئے قیاس کیا جاتا ہے کہ جب آپکی عمر ۴۰ برس کے قریب ہوئی تو آپکو شری گورو نانک دیوجی کی گدی کے موجودہ وارث و تخت نشین شری گورو گوبند سنگھ صاحب شہنشاہِ دہم کی قدم بوسی کی خواہش ہوئی۔ جو ان دنوں شری آنندپور صاحب میں تشریف فرما تھے۔ بچے اب جوان ہو چکے تھے۔ گھر کا کام کاج ان کے سپرد کر کے آپ نے آنندپور کی راہ لی۔ آنندپور پہنچ کر شری گورو گوبند سنگھ صاحب کے درشن کئے۔ دیدارِ فیض آثار سے دل کو تسکین اور قلب کو ایسی راحت ملی کہ عاشق و فریفتہ ہو گئے۔ من کو شانتی اور دل کو قرار ملنے سے شری گورو صاحب میں گورو بھاونا اور عقیدت مرشد مستحکم ہوتی گئی۔ صدق و صفا ارادت اور شردھا بھاونا کے دلی جذبات فارسی اشعار کا پیراہن پہن پہن کر نمودار ہوتے رہے۔ بہت سی غزلیں لکھیں جن میں گورو مہاراج کی فیاضی۔ سخاوت۔ شجاعت اور کشف و کرامت وغیرہ کثیر التعداد اوصاف کی ثنا خوانی کی۔ یہ غزلیں آپ کے دیوان میں موجود ہیں۔ آپ اپنا تخلص گویا کرتے تھے۔ جس کے معنی ہیں کہنے والا۔ گویا گورو گوبند سنگھ صاحب کے اوصاف حمیدہ کہنے والا۔ بعض اوقات آپ نے اپنے نام کا آخری لفظ لعل بھی اپنے شعروں میں بطور تخلص استعمال کیا ہے۔

گورو گوبند سنگھ صاحب کے پاس کچھ وقت رہ کر آپ پھر آگرہ چلے گئے اور اورنگ زیب کے بڑے شہزادہ معظم بہادر شاہ کے پاس بطور میر منشی ملازم ہو گئے۔ دوران ملازمت اپنے فرائض

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

منصبی اِس خوبی سے سرانجام دیئے کہ شہزادہ موصُوف آپکی دانشمندی. علمیّت اور خلوص کا بیحد قدر دان و دِلدادہ ہوگیا۔ کئی برس آپ شہزادہ کی مُلازمت میں رہے۔ مگر یکایک ایک ایسا واقعہ ظہور پذیر ہُوا جسکی وجہ سے آپکو آگرہ کو خیرباد کہنا پڑا۔

ایک دِن شہنشاہ اورنگ زیب کے دربار میں قرآن شریف کی کسی آئت کی بادشاہ نے اپنے عُلماء سے تشریح طلب کی، حاضر عُلماء و فُضلاء نے اپنے اپنے خیال ظاہر کئے مگر شہنشاہ کی ان سے تشفّی نہ ہُوئی۔ شہزادہ معظّم بھی وہاں موجُود تھے۔ اُنہوں نے دربار سے واپس گھر آکر یہ رُوداد اپنے میر مُنشی بھائی نندلال کو سُنائی۔ اُنہوں نے اِس آیت کی فوراً ایسی تشریح کرڈالی کہ شہزادہ دنگ رہ گیا۔ اگلے روز شہزادہ نے اپنے والد شہنشاہ اورنگ زیب سے اُسی آیت کا ذِکر کرتے ہوئے تشریح کردی۔ بادشاہ شُشدر رہ گیا اور کہنے لگا ہاں یہ تشریح دُرست ہے۔ مگر یہ تمہاری دانش اور غور و خوض کا نتیجہ نہیں ہے؟ معظّم نے صاف صاف بتادیا کہ یہ تفسیر و تشریح میری نہیں میرے میر مُنشی کی عقل و رسا کا نتیجہ ہے۔ چنانچہ بھائی نندلال صاحب اگلے دِن شہنشاہ کے دربار میں بلوائے گئے۔ بادشاہ نے کچھ اور گفت و شنید کی۔ اِنعام دینا چاہا مگر یہ دیکھ کر کہ یہ عالم مُسلمان نہیں ایک ہندو ہے، دِلی کدُورت سے کچھ ٹھٹھک گئے۔ انہیں شاباش دے کر رُخصت کیا اور دل میں یہ ٹھان لیا کہ ان کو کسی نہ کسی طرح مُسلمان کرلیا جائے۔ ایسا عالِم فاضل ہندو رہنا مُناسب نہیں۔" شہزادہ کو ہدائت کی گئی کہ ان کو سمجھا بُجھا کر مُسلمان کرلو۔ ہم اِن کو بہت اِنعام اور بڑا مرتبہ دیں گے۔ شہزادہ جب بھائی نندلال کو مِلا تو اس نے صاف صاف کہہ دیا کہ میرے والد ماجد تُم پر بہت خُوش ہیں مگر وُہ تمہیں ہندو نہیں دیکھنا چاہتے۔ اگر تُم مُسلمان ہو جاؤ تو وُہ بھی خُوش ہوں گے اور میں بھی نیز تُم بھی اعلیٰ منصب پاؤ گے۔ اگر تُم مُسلمان ہونا نہ چاہو تو مَیں تمہیں مجبُور نہیں کروں گا۔ مَیں تمہارا خیر اندیش دوست ہُوں۔ لیکن والد کے حُکم کے سامنے مَیں تمہاری حفاظت نہیں کرسکوں گا۔ بھائی نندلال یہ سخن سُن کر بہت مایُوس ہوئے۔ آپ

شری گورو گوبند سنگھ جی کے سچے طالب تھے جن کے دربار میں یہی اُپدیش ملتا تھا کہ جان بیشک جائے لیکن دھرم نہیں چھوڑنا۔ چنانچہ انکو یہ پیش کش زنہار منظور نہیں تھی۔ شہزادہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے رخصت ملی اور "اے روشنی طبع تو برمن بلا شُدی" کہتے ہوئے آگرہ کو چھوڑ کر آنندپور کی طرف رُخ کر لیا۔ راستہ میں زخم خوردہ دِل گورو مہاراج کے پریم میں بہہ چلا۔ تازہ واردات سے ویراگ کا عالم چھا گیا اور دین و دُنیا میں ایک ہی سلامتی کا ٹھکانا دِکھائی دِیا۔ سچے بادشاہ کی عظمت۔ بخشش و بزرگی کے اوصاف کا وِرد کرتے ہوئے مثنوی کی شکل میں دِلی جذبات قلمبند کرتے چلے گئے۔ نیز مرشدِ کامل کی توصیف کے ساتھ ذکر و طاعت و فکر و ریاضت۔ نام سمرن۔ گوربانی کے اعلیٰ خیال۔ اِنسانیت کے اصُول اور صدق و صفا کے جذبات منظّم ہوتے چلے گئے۔ آنندپور پہنچنے تک یہ تصنیف پانچ صد سے اُوپر اشعار کا مجموعہ ہو گئی۔ جاتے ہی آپ نے یہ قلمی نسخہ شری گورو گوبند سنگھ جی مہاراج کے مقدس قدموں میں رکھ دیا اور آگرہ میں پیش آمدہ واردات بے کم و کاست سُنا دی۔ شری گورو کلغی دھر جی نے دِلاسا دیا اور قلمی نسخہ کو دیکھ کر فرمایا یہ کیا ہے؟ بھائی نندلال نے عرض کیا یہ "بندگی نامہ" ہے۔ جو اس سفر میں حضور ہی نے لکھوایا ہے۔ یہ بندہ جسمِ اِنسانی میں محض بندگی کی خاطر ہی آیا ہے :-

ہوائے بندگی آورد در وجود مرا ٭ وگرنہ ذوقِ چنیں آمدن نہ بود مرا

شری گورو مہاراج نے حکم دیا اسے دربار میں سناؤ اور اس کے معنی بھی ساتھ ساتھ کرتے جاؤ تاکہ سنگت میں جو فارسی نہیں سمجھ سکتے وہ بھی اس سے لطف اندوز ہو سکیں۔ بھائی صاحب پڑھتے سناتے گئے۔ سکھی وشواس اور بھاونا میں سرشار آپ کے جذباتِ اعلیٰ سُن کر سب دنگ رہ گئے۔ آخری اشعار میں ایک شعر تھا:-

آبِ حیواں پُر شدہ چو جامِ اُو ٭ "بندگی نامہ" شُدہ زاں نامِ اُو

کتاب ختم ہو گئی۔ گورو جی نے قلمی نسخہ بھائی صاحب کے ہاتھ سے لیا اور اس پر اپنی قلم مبارک سے یہی شعر "بندگی نامہ" لفظ کی بجائے "زندگی نامہ" بدل کر لکھ دیا اور اس تصنیف کو نئی زندگی بخش دی

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

بھائی نند لال صاحب انکساری میں تھے کہ ان اشعار میں طاعت و بندگی پر ہی خیالات کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس کا نام بندگی نامہ ہی موزوں ہے۔ مگر گورو گوبند سنگھ صاحب نے دیکھا کہ ان خیالات میں گوربانی کا زندگی بخش مفہوم۔ نیک زندگی بسر کرنے کا ذوق۔ یاد ذکر کی تلقین اور سمرن کا چاؤ لبریز ہے۔ یہی بندگی اصل زندگی ہے۔ لہٰذا اس تصنیف کا نام "زندگی نامہ" ہی ہونا چاہیئے۔

بھائی نند لال صاحب بہت عرصہ آنند پور صاحب میں رہے اور پھر گورو مہاراج کا حکم پاکر اپنے گھر ملتان چلے گئے اور وہاں بھی اپنا وقت زہد و ریاضت۔ گورو صاحبان کی صفت و ثنا، اور گوربانی کے مطالعہ میں صرف کرتے رہے۔ توصیف و ثنا شائد اسی وقت کی تصنیف ہے۔ آخر ۷۲ برس کی عمر میں ۱۷۰۵ء میں آپ کا انتقال پر ملال ہو گیا۔

بھائی نند لال صاحب کی کل تصنیفات نو بتائی جاتی ہیں۔ جن میں سے آٹھ فارسی عربی کی ہیں اور ایک ہندی کی۔ ان کے نام یہ ہیں:-

۱۔ دیوانِ گویا ۲۔ زندگی نامہ ۳۔ جوت بکاس ہندی

۴۔ جوت بکاس فارسی ۵۔ گنج نامہ ۶۔ توصیف و ثنا۔

۷۔ ارض الالفاظ ۸۔ دستور الانشا ۹۔ خاتمہ

ہم پہلی چھ تصنیفات اس مجموعہ میں شائع کر رہے ہیں اور کم و بیش یہی چھ کتب ہیں جن کا تعلق خاص طور پر سکھ اعتقاد۔ سکھ بھاونا۔ اور سکھ روایات سے ہے۔ باقی تینوں ابھی تک ہمیں دستیاب نہیں ہو سکیں۔ مگر بتایا جاتا ہے کہ ارض الالفاظ میں الفاظ کی اہمیت۔ ان کا باہمی تعلق اور علیحدہ علیحدہ استعمال سکھایا گیا ہے۔ گویا کہ یہ ایک علمی ادبی اور درسی کتاب ہے۔ دوسری تصنیف دستور الانشا میں فارسی انشا پردازی سکھائی گئی ہے کہ بادشاہان و حاکمانِ وقت و عزیز و اقارب کو عریضے اور خطوط کیسے لکھے جاتے ہیں۔ یہ بھی ایک تدریس کی کتاب ہے۔ غالباً یہ

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

دونوں تصنیفات آپ کے میر منشی کے عہدہ پر فائز ہونے کے وقت کی اختراع ہیں۔ تیسری تصنیف "خاتمہ" ابھی تک دیکھنے میں نہیں آئی۔

اس مجموعہ میں جو تصنیفات شامل کی گئی ہیں ان کی مختصر تفصیل یہ ہے:-

۱۔ **دیوانِ گویا۔** اسمیں شاعر بے مثال بھائی نند لال صاحب کی ۶۳ غزلیات، ۱۸ رباعیات اور ۲۶ ابیات ہیں۔ یہ کتاب گورمکھی حروف میں کئی ایک اصحاب کی طرف سے پنجابی نظم یا نثر میں ترجمہ ہو کر شائع ہو چکی ہے۔ بھائی میگھراج غریب پنشنر مظفر گڑھ نے سمت ۴۴۴ گورنانک شاہی میں اس کا ترجمہ پنجابی نظم میں "پریم پھلواڑی" کے نام سے شائع کیا تھا۔ بیدی بابا برج بلبھ سنگھ صاحب اونہ نواسی نے بھی ترجمہ منظوم "پریم پٹاری" نامی طبع کیا۔ پنڈت نرائن سنگھ گیانی نے ۱۹۵۳ء میں اور بھائی گنگا سنگھ پرنسپل سکھ شہید مشنری کالج امرتسر نے بھی "پریت ریت" کے نام سے ترجمہ مشمولہ نظم و نثر شائع کیا۔ ہر دو اصحاب نے ایک ایک شعر کا ترجمہ پہلے نثر میں دیا پھر مکمل غزل پنجابی نظم میں اتاری ہے۔ یہ دونوں کتابیں آج کل بازار میں ملتی ہیں۔ ان سب ترجموں میں کل ۶۰ یا ۶۱ غزلیات ہیں۔ رباعیات اور ابیات بھی کم ہے۔ ہم نے جو غزلیں وغیرہ اس مجموعہ میں طبع کی ہیں وہ سب سے زیادہ ہیں جو اب تک تلاش کی جا سکی ہیں۔ شاعر مقدس و بزرگ نے انمول موتی پروئے ہیں اور ہر شعر میں فصاحت و بلاغت کے دریا بہائے ہیں۔ درد و عشق، عرفان و حقیقت اور رموزِ معرفت کا مصرعہ مصرعہ ترجمان ہے۔

۲۔ **زندگی نامہ۔** سخن سنج بے نظیر کی ۵۱۹ اشعار کی ایک نادر مثنوی ہے۔ اس کا ترجمہ بھی چند ایک اصحاب نے نظم یا نثر میں کسی وقت کیا تھا۔ مگر آجکل دستیاب نہیں۔ بھائی میگھراج جی غریب نے سمت ۴۴۸ گورنانک شاہی میں "پریم سہرودر" کے نام سے اس کا منظوم ترجمہ شائع کیا۔ سنت بابا سروپ سنگھ جی نے بھی ۴۹۹ اشعار کا ترجمہ پنجابی نثر میں سمت ۴۳۹ گورنانک شاہی ۱۹۰۸ء میں شائع کیا۔ ان کے علاوہ ایک اور نثر میں کئے گئے ترجمہ کا بھی پتہ چلا ہے

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

سنت سروپ سنگھ جی کے گورمکھی حروف میں شائع شدہ ترجمہ سے شریمان سنت مکھن سنگھ جی ایودھیاواسی کی تحریک سے شری نرنکار پرشاد نے ۱۹۳۲ء میں ترجمہ کے بغیر فارسی حروف میں ہی زندگی نامہ کے ۴۹۹ شعر ایک چھوٹے سے ٹریکٹ میں شائع کئے تھے۔ مندرجہ صدر مترجم کتب میں زندگی نامہ کے شعروں میں اکثر کمی و بیشی ہے۔ ہمیں اس تصنیف لطیف کے جو اشعار مختلف نسخہ جات سے دستیاب ہوئے ہیں اور جو ہم نے اس مجموعہ میں شائع کئے ہیں ان کی تعداد سب سے زیادہ یعنی ۵۱۹ ہے۔ یہ کتاب پند و نصائح۔ عبادت و ریاضت۔ ذکر و فکر اور حقائق و معارف کا دفتر ہے۔ مقصد حیات کا بیان ہے اور حادی راہ خدا کی رحمت و شفقت کی آئینہ دار ہے۔

۳۔ جوت بکاس ہندی۔ یہ ۴۳ اشعار کی ہندی تصنیف ہے۔ اسکے آغاز میں شری گورو ارجن دیو جی کی تصنیف "جیتسری کی وار" کا ایک شلوک دیا گیا ہے۔ جسمیں گورو کی تعریف ہے اور یہی شلوک ہے جسکی تشریح عالی فطرت بھائی نند لال جی نے اپنے ۴۳ ہندی اشعار میں کی ہے۔ ان میں گورو کی تعریف کے علاوہ سکھوں کے دس ہی مقدس گورو صاحبان کو ایک ہی جوت بیان کیا گیا ہے۔ سکھ مذہب کے اعتقاد میں ست گورو کا درجہ بڑا اونچا ہے جو خاکی انسان کو خالق سے پیوند کرکے خاکی کو نوری کر دیتا اور حیات ابدی بخش دیتا ہے یہ تصنیف خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرتسر کی طرف سے ٹریکٹ نمبر ۴۹۷ گورمکھی حروف میں ۱۹۱۵ء میں شائع ہوئی تھی۔ بعد ازاں بھی ایک دو بار طبع ہو چکی ہے مگر اب نایاب ہے۔

۴۔ جوت بکاس فارسی۔ شریمان بھائی صاحب بھائی ویر سنگھ جی کے ذخیرہ کے قلمی نسخہ میں اس تصنیف "جوت بکاس فارسی" نامی کے شروع میں لفظ "ترجمہ" لکھا ہوا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قادر الکلام بھائی نند لال کی قلم جو جولانی فارسی و عربی میں دکھا سکتی تھی وہ ہندی میں نہیں۔ لہذا جوت بکاس ہندی کے ۴۳ اشعار پر ہی اکتفا کی گئی مگر وہی مضمون لے کر جب آپ نے فارسی کی طرف رجوع کیا تو ۱۷۹ اشعار گہر بار رقم ہو گئے۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

اِس کا منظوم ترجمہ بھائی میگھراج جی غریب نے ۹ بھادوں سمت ۱۹۷۵ بکرمی مطابق ۱۹۱۸ء کو لاہور سے شائع کیا تھا۔ شری میگھراج جی اپنے اِس منظوم ترجمہ کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ یہ تصنیف بھائی نندلال صاحب کی مُلتان کی رہائش کے زمانہ کی ہے۔ غالباً جبکہ وہ شری گورُو گوبند سنگھ صاحب کی قدمبوسی کرکے بعدازاں مُلتان آ ٹھہرے تھے۔ شری میگھراج جی کا یہ ترجمہ اب نایاب ہے۔ خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرتسر کیطرف سے اِس کا ترجمہ گورمُکھی نثر میں پچھلے سال ۱۹۶۱ء میں شائع ہو چکا ہے۔

ستگورُو صاحبان کی توصیف کا ہر شعر حامل ہے۔ اپنے مُرشدِ کامل کی مدح سرائی شاعرِ شیریں بیاں نے دلکش پیرایہ میں کی ہے۔

۵۔ گنج نامہ۔ فاضلِ باکمال بھائی نندلال صاحب کی یہ ایک ایسی تصنیف ہے جو گویا فارسی نثر و نظم کا ایک مُرقّع ہے۔ آغاز میں کچھ تمہیدی اشعار ہیں۔ بعد میں سلطنتِ اوّل شری گورُو نانک دیوجی مہاراج سے سلطنت دہم شری گورُو گوبند سنگھ صاحب تک دس مقدّس گورُو صاحبان کی نثر و نظم میں ثناخوانی ہے۔ ہر سلطنت کے شروع میں قدرے فصیح و بلیغ اور مُرقّع نثر دی گئی ہے۔ بعدازاں چند اشعار درج ہیں۔ ۱۹۱۴ء میں شری مان بھائی صاحب بھائی ویر سنگھ جی نے اِس کا پنجابی ترجمہ کرکے خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرتسر کی طرف سے، جس کے وُہ خود بانی تھے، ٹریکٹ نمبر ۴۸۶ کی صُورت میں شائع کیا تھا جسمیں پنجابی ترجمہ کے علاوہ فارسی اصل بھی گورمکھی اور فارسی حرُوف میں دی گئی تھی جس کے شروع میں شہرۂ آفاق بھائی نندلال صاحب کی مختصر سوانحِ حیات بھی درج ہے۔ یہ کتاب سوسائٹی کی طرف سے دو تین بار بعد میں بھی شائع ہو چُکی ہے۔ مگر اس کا نام سہواً "توصیف و ثنا" طبع ہوتا رہا ہے۔ جو ایک علیحدہ تصنیف ہے۔ جدید طباعت کیوقت نام دُرست کردیا جائے گا۔

ماہرِ فصاحت وبلاغت نے جوشِ عقیدت سے ستگورُو صاحبان کی بےنظیر تعریف کی ہے اور فضائلِ تقدّس کا حقیقی بیان کیا ہے۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

۶. توصیف وثنا - تفضیلت مآب بھائی صاحب کی یہ ایک ایسی تصنیف ہے جواب تک
شائع نہیں ہو سکی - پہلی بار اِس مجموعہ میں ہی طبع ہو رہی ہے ۔ اِس کے آغاز اور انجام پر چند شعر
ہیں ۔ باقی تمام کِتاب نثر میں ہے اور نثر بھی اعلیٰ قِسم کی مُرصّع ۔ مُسجّع و مُقفّیٰ ہے ۔ اِسکی سب سے
بڑی خوبی یہ ہے کہ اِس کتاب میں ایک ہی معنی رکھنے والے عربی و فارسی کے کثیر الفاظ کا ایسی
مُنبت کاری سے مجموعہ مرتّب کیا گیا ہے کہ آپکی لیاقت ۔ تحقیق ۔ کمالِ نکتہ دانی ۔ زباندانی اور لغاتی
عِلمیّت دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے ۔ جِس طرح گورُو گوبند سِنگھ صاحب نے شری "جاپ جی
صاحب" اور "اکال اُستت" میں اکال پورکھ کی ذُومعنی اِلفاظ میں صفت وثناء کی ہے کچھ ایسے
ہی پیرایہ میں فارسی و عربی میں بھائی نندلال جی نے اپنے مُرشدِ کامل شری گورُو گوبند سنگھ صاحب کی مدح و
توصیف کی ہے ۔ بھائی صاحب وِیر سنگھ جی کے ذخیرہ کے قلمی نُسخہ میں اِس تصنیف کے اوراق پر
باریک قلم سے مُشکل اِلفاظ کے معنی بھی دیئے ہوئے ہیں ۔ اِس مجموعہ میں ہم نے بھی وُہ معانی بعینہٖ دینے
کی کوشش کی ہے ۔ اِس تصنیف کی اصل عبارت اُوپر جلی قلم میں دی گئی ہے ۔ اور اُس کے نیچے
اِس کے معنی تاکہ ناظرین کو اصل تصنیف کا مفہُوم سمجھنے میں کچھ آسانی ہو سکے ۔ معنی بھی گو فارسی میں ہیں
لیکن یہ سلیس فارسی ہے جس کو قدرے فارسی پڑھے ہوئے آسانی سے سمجھ سکتے ہیں ۔

ہزاراں نُکتہ اندر ہر اشارت　　　ہزاراں معنی اندر ہر عبارت

یہ علم و کمال کی قابلِ قدر تصویر ہے ۔ جِس میں شاعرِ بلند ہمّت نے معنی کے دلآویز رنگ بھر دیئے
ہیں ۔ جذباتِ عقیدت پھُول بن بن کر کھِل رہے ہیں ۔

باقی ماندہ تصنیفات کا ہم بیان کر چُکے ہیں ہمیں دستیاب نہیں ہو سکیں ۔ بیشک انکی اہمیّت
عِلمی اور ادبی طور پر ضرور ہے مگر سِکھ اعتقاد یا سِکھ روایات سے اِن کا کوئی تعلّق معلوم نہیں ہوتا ۔ جہاں
تک سِکھ دھرم اور سِکھ اعتقاد کا تعلّق ہے یہ چھ تصنیفات بیش قیمت اور نادر ہیں ۔ لہٰذا ان کو
ہی اِس مجموعہ میں پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے ۔ اُمید ہے صاحبانِ ذوق لُطف اندوز ہوں گے اور

ہماری یہ کوشش مقبول ہوگی۔

ہم تہ دل سے شریمان ڈاکٹر بلبیر سنگھ صاحب پی۔ ایچ۔ ڈی کے شکرگزار ہیں جنہوں نے اس کام کو اپنے اہم ترین فرضوں میں شمار کر کے اسے پایۂ تکمیل تک جلدی پہنچانے کے لئے سرگرم دلی امداد دی اور ہر مرحلہ پر پُراشتیاق رہنمائی کی۔

ہم ان اصحاب کے بھی ممنون ہیں جنہوں نے سخنور بزرگ بھائی نند لال صاحب کی تصنیفات کی طباعت کے لئے خالصہ سماچار کی ایک معمولی سی اپیل پر بے حد اشتیاق ظاہر کیا۔ اور خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرتسر کو اس کارِ خیر کے لئے فوراً ہی رقوم بھیج کر اسے جلدی شائع کرنے کی ترغیب دی۔

ان کے نام نامی ہیں:-

۱. میجر مختار سنگھ صاحب جالندھر۔
۲. ڈاکٹر ملک بلونت سنگھ صاحب فیروز پور شہر
۳. سردار پنجاب سنگھ سجن سنگھ شمشیر سنگھ صاحب کانپور۔
۴. سردار کرتار سنگھ صاحب ڈرافسمین ریٹائرڈ سونی پت
۵. سردار نند سنگھ صاحب انجینئر کرتار پوری
۶. بی بی ہربنس کور جی
۷. کیپٹن ڈاکٹر پورن سنگھ جی فرید کوٹ
۸. سردار پیارا سنگھ جی کوہلی بمبئی

کیپٹن ڈاکٹر پورن سنگھ صاحب نے تو خواہش ظاہر کی تھی کہ وہ خود ہی اس کی طباعت کا خرچ ادا کر دیں گے اور دوبارہ اپیل نہ کی جائے۔ اپیل تو پھر نہیں کی گئی مگر جو رقوم خالصہ سماچار کی پہلی اپیل پر ہی خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی کو پہنچ گئی تھیں وہ ان اصحاب کا بھائی نند لال صاحب کی تصنیفات کے لئے قابلِ تحسین شوق ظاہر کر رہی تھیں۔ ان کا واپس کرنا ان کے جذباتِ شوق

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

کی توہین تھی۔ لہٰذا ڈاکٹر صاحب سے عرض کر دیا گیا کہ ان سے ضرورت کے مطابق باقی مصارف لے لیا جائے گا۔ جو آپ نے ایک بڑی رقم کی شکل میں ادا کیا۔ ہم ان سب صاحبان کے بے حد مشکور ہیں جن کے اشتیاق، ہمت، حوصلہ افزائی اور قابلِ قدر امداد سے یہ تصانیف چھپ سکی ہیں اور ہماری دیرینہ آرزو بھی بر آئی ہے۔ یہ تصنیفات زندہ جاوید رہیں گی، "نوشتہ بماند سیہ بر سفید"

۱۸ ر اکتوبر ۱۹۶۲ء

مہان سنگھ گیانی
ایڈیٹر خالصہ سماچار امرت سر

وزیر ہند پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام بی بی لاجونت کور پرنٹر کے چھپی
اور سردار صاحب کرتار سنگھ آنریری سیکرٹری خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرت سر کی طرف سے شائع ہوئی

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

اِک اونکار ستگور پرساد

تعارف

بھائی صاحب بھائی نندلال گویا کی تصانیف اور شاعرانہ کمالات پر تبصرہ

(از قلم شری لکش ویر سنگھ صاحب مُضطر نابھوی)

شاعرِ باکمال بھائی صاحب بھائی نندلال گویا کی شہرت اور مقبولیت جاودانی ہے۔ ان کا بلند پایہ و مقدس کلام چوتھی بانی کے عالیقدر منصب اور پاک اعزاز سے سرفراز و مفتخر ہے۔ ستگورو حضور نے خود ان کے شعرو سخن پر آبِ حیات چھڑک دیا ہے۔ بیش بہا تصانیف سے کون نا آشنا ہے۔ فارسی دان شائقین۔ اہلِ ذوق۔ عقیدت مند۔ راگی۔ پاٹھی اور گرنتھی صاحبان ہی نہیں خواص و عوام بھی ان کی غزلیات۔ نظمات اور صفت و صلاح سے بہرہ ور ہیں۔ معرفت و تصوف سے بھرے ہوئے شعر کیرتن ہو یا پاٹھ یا کتھا ہر جگہ ہی عاملین کو کیف و مستی کے جام لنڈھاتے ہیں۔ ہر کتاب لاجواب ہے اور ہر تصنیف اپنی اپنی جگہ بے نظیر ہے + محاسنِ سخن۔ پاکیزہ زبان جو محاسنِ سخن اور نوادرِ سخن سے پُر ہے شاعرِ عالی کی ہمہ گیر واقفیت۔ قابلیت۔ مذاقِ شعر۔ ذوقِ سلیم اور استعدادِ علمی کی حامل ہے۔ علمیت اور شاعری کی قدر قدردانانِ عالم کے سرتاج سری گورو گوبند سنگھ جی کلغی دھر مہاراج نے اس طرح فرمائی کہ دربارِ گہر بار کے باون شعرائے نامدار میں سے بھائی صاحب کو ممتاز اور برگزیدہ رکھا گیا۔ اہلِ مذاق ان کے قیمتی جواہر کو پرکھیں گے تو نظم سلکِ جواہر اور غزل خریطۂ لعل و گہر پائیں گے۔ سچے اور تُلے ہوئے الفاظ، خوبیٔ ترکیب۔ الہامی روانی۔ حسین بندش۔ صدقِ محاورہ صفائیٔ زبان اور سادگیٔ بیان سونے پر سُہاگہ کا کام دیتی ہے۔ کلامِ بلند مقام کمالاتِ صوری و معنوی سے آراستہ ہے۔ انواعِ سخن میں بیدِ طُولیٰ ہے۔ جدتِ طبع، معنی طرازی اور خوش خیالی عجیب و غریب ہے۔ سرزمینِ پنجاب نے ایسا صاحبِ فضل و کمال اور دیدہ ور شاعرِ بزرگ دُوسرا پیدا نہیں کیا ہوگا۔

نوادرِ سخن | کلام میں ہر جگہ نصائح کے دفتر بھرے پڑے ہیں۔ نکاتِ معرفت اور رموزِ عشق سے ہر شعر مملو ہے درسِ محبت اور بابِ طاعت سے مضامین رنگین ہیں۔ لفظ لفظ چراغِ راہ ہے اور حرف حرف ان کی شاعری و درویشی کا آئینہ دار ہے۔ پاکیزہ ذوق۔ متانت اور شگفتگی مسلمہ ہے۔ ادب و سخن کا مذاق بچپن ہی سے بہت بلند اور راست تھا۔ علم و فضل ان کی بزرگی اور نکتہ دانی کی طرح رفیع المنزلت ہے۔ تخیل اور فکرِ سخن کا

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

طائرِ آسمانِ معرفت کو چُومتا ہے۔ رموز و اسرار کو نکتہ رس طبع کچھ اس طرح آشکارا کرتی ہے کہ صاحبِ نظر بیخود ہو جاتا ہے۔
اربابِ ذوق جا بجا ان کے کلام میں خوبیوں کے موتی جڑے ہوئے دیکھتے ہیں۔ تکرارِ الفاظ حُسن، لُطفِ سخن کی لذت
بڑھاتا ہے تو خوبئ استعارہ اور لطفِ تشبیہہ حُسنِ شعر کو دوبالا کرتے ہیں، ندرت و متانت تازگی اور مسائلِ تصوف
سے خوبئ کلام میں مزید اضافہ ہے۔ روانئ زبان اور الہامی بیان نہائت برگزیدہ اور پسندیدہ ہے۔ مضامین لطیف
اور تراکیب اعلیٰ ہیں۔ حُسنِ استعمال بے پناہ ہے۔ ایسے صاحبدل بزرگ اور درویش شاعر

شاعری

صدیوں کے بعد ہی اہلِ زمانہ کو مشکل سے عطا ہوتے ہیں۔ ان کی شاعری حقیقی ہے جو واقعات
محبّت اور احساساتِ فطرت کی ترجمان ہے۔ وارداتِ قلب جذباتِ عُلوی سے پُر ہیں۔ تصنّع سے کہیں لگاؤ یا

تخیّل

بحث نہیں۔ اصلیت، راستی اور حقیقت اشعار کی چلمن سے جھانک رہی ہے۔ معاملہ بندی
اور جذبہ نگاری بے مثل ہے۔ صاحبِ سخن اپنے دامن موتیوں سے بھر بھر کرلے جاتے ہیں۔
رفعتِ خیال ارض و سما کی خبر لاتی ہے۔ مطابقتِ الفاظ و مضمون کمالِ قلم کا نمونہ ہے۔ مشقِ سخن طفلی ہی سے پُختہ
اور سلیم معلوم ہوتی ہے۔ مُنہ سے شعر کہتے تھے تو گویا موتی جھڑتے تھے۔ علم و کمال، نیکی و بزرگی نے ان کو حیاتِ جاوید

فکر و بیاں

بخشی ہے۔ قلب و زبان ہم آہنگ ہیں اور قلم جذباتِ دل کی صاف صاف ترجمانی کرتا ہے۔
تلمیح و کنایہ خوبئ شعر کے لئے جابجا موجود ہیں۔ سوز و گداز جو شاعری اور شرحِ محبّت کی جان ہے
بلند پایہ کلام میں نگینوں کی طرح جڑا ہوا ہے۔ فصاحت و بلاغت کلامِ عالی کی زینت ہیں اور حُسنِ بیان جاذبِ قلب و
نظر ہے۔ آپ کا درد بھرا دل شعر و سخن کی صورت کاغذ پر آجاتا ہے۔

نظم و غزل

نظم فردوسی، نظامی اور مولانا رُوم کی طرح قدرتی اور الہامی روانی رکھتی ہے۔ غزل سعدی،
حافظ اور خسرو کے ہم پلہ ہے۔ فارسی شعرائے ہند میں ان کا درجہ مسلّم ہے۔ چشم جوہری ہی
ان کے دُرہائے سخن کو پرکھ سکتی ہے۔ آپ شاعری کے آسمان پر سُورج بن کر چمکے اور آئندہ بھی اپنے شعر و سخن کی کرنوں
سے اربابِ ذوق کے قلب و نظر کو منوّر کرتے رہیں گے۔

ذاتِ مبارک

ان کی مُبارک ذات فخرِ روزگار اور جامعِ کمالات ہے۔ سخندانی اور نکتہ سنجی اظہر من الشمس ہے
گلزارِ معانی میں ایسے بوقلموں پھول کھلائے ہیں جن کو زبہار خزاں کا ڈر نہیں۔ بہارِ جاوداں
سے چمنِ سخن کی آرائش کی ہے اور گلستانِ شاعری میں آبِ حیات کا چشمہ بہا دیا ہے۔ شاعرِ اعظم

علمیّت

بزرگ درویش اور صاحبِ کمال عالم و فاضل تھے۔ ستگرو کلغی دھرجی مہاراج سے بے پناہ
عقیدت اور بیکراں محبّت تھی۔ ہر شعر ہر معنی اور ہر لفظ اپنے آقا اور مُرشدِ کامل کی محبّت، عقیدت اور چاہ کا آئینہ دار
ہے۔ دل کی لگن ہر حرف سے ٹپک رہی ہے۔ تفسیرِ سخن آسان نہیں ہے۔ جہاں شعر ہیں آپ کا مرتبہ بلند اور اعلیٰ ہے

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

فطرت نیک۔ طبع سلیم۔ سخن راست اور فہم سنجیدہ ہے، عمر شریف فقر، ریاضت، قناعت اور عبادت میں گزری ہے۔ بندگی اور طاعتِ مولا کی دولتِ لازوال سے دِل کے خزانے بھرپور ہیں۔ لب و زبان حمد و تحمید حق میں معروف ہیں نفس تابع اور نفس مشغول ریاضت ہے، آپکی مبارک ہستی اور پاکیزہ کلام کسی تعارف۔ تعریف یا تفسیر و تشریح کے محتاج نہیں، نیک طبع سخنور نے جو بات بھی منہ سے نکالی پند و نصیحت سے بھری ہوئی ہے۔ سرِ راہ ہدایت کے لاکھوں دیئے روشن کر دیئے ہیں جن کی لَو سے راہگیر اپنا راستہ پہچان کر منزل کی طرف بڑھتے جائیں گے۔ آپکی زبان برگِ گل کی طرح رنگین، لطیف اور پاکیزہ ہے۔

درویشی و سخنوری

آپکی ہمہ گیر قابلیت اور وسیع معلومات کو روشنیٔ طبع اور درویشی نے چار چاند لگا دیئے ہیں جو سخن نکلا راست۔ جو بات کی پند و ہدایت کی علمبردار، اور جو کچھ لکھا حمد و طاعت کا ذخیرہ بندگی نامہ جو درسِ طاعت اور بابِ ہدایت ہے حضورِ ستگورو مقبول و منظور ہو کر زندگی نامہ کے نام نامی سے سرفراز اور سرخرو ہوا۔

علم و کمال

صنائع و بدائع اِن کی عالمگیر ادبی واقفیت اور علمیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ آپ تاریخ دانی کے علاوہ مذہبی کتب قرآن، شاستر، ویدانت اور دیگر کتبِ تصوف کے عالم تھے۔ نیز میدانِ عرفان کے شہسوار اور بزرگی کے علمبردار تھے۔ گورو گھر کے مداح چار بھائی آسمانِ عظمت پر چمکے ہیں۔ اوّل بھائی گورداس جیو۔ دوئم آپ۔ سوئم بھائی سنتوکھ سنگھ جیو۔ چہارم شاعر و درویش بھائی ہربر سنگھ جیو جن کی مقبولیت و اہمیت منتِ کشِ تفسیر ندا نہیں ہے۔

طرز و انداز

روشن ضمیر سخنور نے حمد و ثنا کے نغمے اور صفت و صلاح کے ترانے گائے ہیں۔ روشن بیانی نے محفلِ شعر و سخن کو جگمگا دیا۔ ایک عالم ان کے پند و وعظ سے بہرہ ور ہے۔ متین و سنجیدہ انداز۔ شیرینی، شگفتگی اور برجستگی زبانِ معجز بیان سے شعر بن کر قرطاس پر اُبھرتی رہی۔ گلہائے سخن قلم اعجاز رقم سے کھلتے اور بکھرتے رہے اور چشمۂ دِل سے جھرلوں کی طرح شعر پھوٹتے رہے جو تسکین و سکون کے دریا بن کر یونہی بہتے رہیں گے۔

ادب

سازِ حیات کی صدائیں نصیحت آفرین جملے۔ چراغِ راہ کلمے۔ ادب آموز نکتے اور جواہر پارے قوم و وطن کیلئے متاعِ بیش بہا اور فروغِ عقل و دانش ہیں۔ شانِ ادب سخنور پاک سرشت کے شایاں ہے بمقام

معیار

سخن ارفع و اعلیٰ ہے۔

خصائل و شمائل

آپ اخلاقِ سنجیدہ اور اوصافِ حمیدہ کے حامل تھے۔ علم و عمل میں یکساں اور جملہ صفات سے موصوف تھے۔ جسکی وجہ سے دربارِ ستگورو میں قدر و منزلت کے علاوہ کامل عنایاتِ حضوری سے سرفراز اور فیض یاب رہے۔ آپ واصلِ حق اور فنافی الذات گورو ہیں نیز مرشدِ کامل کی نظرِ فیض اثر سے مالا مال اور نہال ہیں۔ انکساری و عاجزی سے وُہ مقام حاصل کیا ہے جو جھانکنے سے بھی نظر نہیں آتا۔ خود فرماتے ہیں:

؎ من چہ ذرّہ مشتِ از خاکِ غریب ٭ ایں ہمہ دولت ز مُرشد شُد نصیب

عقیدت و ارادت

قادر الکلام اُستاد اپنے مُرشدِ کامل کے عشق میں تن من اور دھن وار کر امر ہو گئے ہیں
اشکوں کے وُہ پاک قطرے جو اُلفتِ ستگور میں ٹپکے ہیں ستاہوار موتی بن گئے ہیں محبت
کا بیان عقیدت کی زبان سے کیا ہے، جو پھول اور موتی بارگاہِ ستگور میں نذر ہو کر مقبول ہو چکے ہیں ان کا بیان دُشوار اور
تعریف مُشکل ہے۔

قدرِ سخن

عقیدت کیش بھائی نندلال صاحب کے شرزھا اور پریم بھرے شعر ہندوستان بھر کے گوردواروں
میں ہی نہیں بلکہ سری دربار صاحب امرتسر اور دیگر پاک بارگاہوں اور مقدس تختوں اور پوتر
استھانوں میں صبح و شام گوربانی کے بعد پڑھے اور گائے جاتے ہیں۔ قوم ان کی ذاتِ ستودہ صفات پر فخر و ناز کرتی
ہے جنھوں نے فارسی میں پیمبرانِ پاک حضور ستگورو صاحبان کی بے مثل توصیف و مدح سرائی کی ہے۔

تفصیلِ سخن

بلند ہمت شاعر و درویش نے جو قیمتی تصنیفات یادگار چھوڑی ہیں اُن میں سے جو کچھ دستیاب
ہو سکیں وُہ دیوانِ گویا۔ زندگی نامہ۔ جوت بگاس ہندی و فارسی۔ گنج نامہ اور توصیف و ثناء
خالصہ ٹریکٹ سوسائٹی امرتسر نے بہت محنت اور ہمت سے تصنیفاتِ گویا کی صورت شائع کی ہیں۔ ایڈیٹر خالصہ سماچار
بھائی بہال سنگھ گیانی خصوصاً تحسین کے مستحق ہیں جو اس کارِ خیر اور خدمتِ ادب کے محرک ہیں۔ ان کی محنت اور آرزو
سے آج یہ کتب زیورِ طبع سے آراستہ و پیراستہ ہوئی ہیں۔

تفسیرِ سخن

ہر کتاب ایک الگ تفسیر و تشریح کی طالب ہے۔ مختصراً بندہ کچھ خیالات
گوزہ میں دریا کہاں سما سکتا ہے۔ ہمارا فہمِ ناقص میں بھائی صاحب کا بلند پایہ کلام نہیں آ سکتا۔ جس کے لئے نادم ہے۔
ظاہر کر سکا ہے۔

دیوانِ گویا:- نامور سخن سنج نے کتنے حسین پیرایہ میں اپنے دیوان کی ابتدا کی ہے۔ گویا مقصدِ حیات
زمانہ کو کھول کر بتایا ہے ؎

ہوائے بندگی آورد در وجودِ مرا ٭ وگرنہ ذوقِ چنیں آمدن نبود مرا

روح نے ہستی کا لباس پہنا ہے ورنہ اور کوئی غرض، مطلب، شوق یا بندگی، نیکی اور سیمرن کے لئے
(طاعت، بندگی، نیکی اور سیمرن کے لئے روح نے ہستی کا لباس پہنا ہے ورنہ اور کوئی غرض، مطلب، شوق یا
جہانِ رنگ و بُو کا تماشہ محض یہاں آنے کے لئے جاذبِ نظر نہیں۔ مقصدِ حیات عبادت ہے اور بس۔)
چمنستانِ گلزارِ معانی نے اپنے دیوان میں گلہائے شعر و سخن کے دلفریب گلدستے سجائے ہیں۔ کیفیاتِ عشق و محبت کی
ترجمانی حقیقی طور پر کی ہے۔ تصوّف کا رنگ، درد و سوز، پاکیزگی، متانت، حکمت و معرفت سے دیوانِ عالی آراستہ ہے
انداز جاذبِ قلب و نظر ہے۔ ان بیش بہا موتیوں کو جوہری ہی پرکھ سکتے ہیں۔ ہر شعر جمالِ حقیقی سے آشنا اور ہر خیال

عرفان و محبت سے مملو ہے۔ قلمِ گلزار رقم کے یہ پھول ہمیشہ شگفتہ و تازہ رہیں گے۔ یہ کبھی مرجھا نہیں سکتے۔

ع یہ موتی کسی پلڑے میں تولے نہیں جاتے

ہر غزل سحر و اعجاز کا مرقع ہے۔ تخیل پاکیزہ اور فکر اعلیٰ ہے۔ ندرتِ بیان اور جدتِ ادا کلام کی جان ہیں۔ زبان کی شیرینی، بیان کی سلاست اور دل کا سوز تصوف و معرفت کے ساتھ ساتھ شاملِ تغزل ہے۔ اربابِ علم و ذوقِ کمالِ شاعر کو ملاحظہ کریں گے تو مصرعہ مصرعہ بے پناہ پائیں گے۔ سعدی کی سادگی و صفائی۔ حافظ کی مستی و شیرینی اور خسرو کی لطافت اور مٹھاس ہر شعر سے جھلکتی ہے۔ عجب کیف پرور اور روح افزا کلام ہے۔ روانی۔ شیرینی اور درد و اثر نے شعر کا حقیقی جامہ پہن لیا ہے۔ نصیحت اور معنی آفرینی خاص جوہر ہے۔ اسلوبِ بیان نادر ہے۔ ترکیب دل پسند اور دلپذیر ہے۔ سخن سنجی اور قادر الکلامی اظہر من الشمس ہے ؎

ہست ہر شعرِ غزل جامِ مئے عرفان و شوق ⁂ عالی دیوانت کلیدِ قفلِ در ہائے وصال

بلند اور پاک جذبات احساسات کے ساتھ شعروں کے پردہ میں چھپے ہوئے ہیں۔ واقعاتِ زمانہ کی ترجمانی بھی ہے۔ مرشدِ کامل کی محبت اور جوشِ عقیدت موجزن ہے۔ یہ مختصر دیوان مگر کسی ضخیم دیوان کا بچا ہوا سرمایہ معلوم ہوتا ہے جو دستبردِ زمانہ سے قوم و وطن کے پاس باقی رہ گیا ہے۔ غزل کے اشعار کی تعداد کم از کم پانچ اور زیادہ سے زیادہ پچیس ہوتی ہے اور طاق ہوتی ہے۔ یہاں کسی غزل میں چھ اور کسی میں آٹھ شعر ہی رہ گئے ہیں باقی عدم پتہ ہیں۔ کئی مشہور غزلیں خواجہ حافظ کی مشہور ردائف میں کہی ہیں اور کتنی کامیاب ملاحظہ ہوں، حافظِ شیرازی کی طرح آپ کے ہر شعر میں ایک درس اور ہدایت ہے۔ ریاضت اور صفائیِ قلب کی تلقین ہے۔ مشاہدہ کے لئے آئینۂ اشعار میں نورِ حقیقت کے جلوے ہیں۔ معرفتِ الٰہی کا بیان ہے۔ ذکر و فکر، یاد و خیال کا تذکرہ اور عشق و محبت کا حال ہے۔ مرشدِ کامل اور رہبرِ منزل کی مہربانی۔ عنایت۔ دستگیری اور ضرورت پر بحث ہے۔ مقصدِ حیات کا ذکر ہے باب پند و نصیحت ہے اور ذریعۂ مقصود کے حصول کا طریقہ اور وسیلہ بنایا ہے۔ مرشدِ کامل حضور ستگورو جیو کا ادب ہر لفظ سے ظاہر ہوتا ہے جن کے مہر و کرم کے بغیر منزل ہاتھ نہیں آتی۔ سالک بزرگ کی توجہ و رہنمائی ہی سے طالب اپنے مقصد کو پہنچتا ہے۔ دل کی روشنی کے لئے مرشدِ کامل کی چرن دھوڑ درکار ہے۔ فارسی کے چند مسلم الثبوت درویش شعراء کے ہم معنی منتخب اشعار بھی نقل ہیں۔ اگرچہ استادانِ سخن جداگانہ طرز و ادا رکھتے ہیں تاہم طالبانِ معرفت مطالعہ کرکے بھائی نند لال صاحب گویا کی قادر الکلامی۔ سخن سنجی اور بلند پایہ دانی خود ملاحظہ کریں۔

دل کی روشنی کے لئے مرشدِ کامل کی چرن دھوڑ درکار ہے :-

گویا:- خاکِ قدمش روشنیِ دل کند ⁂ گر ترا با سالکاں باشد سبب

حافظ:- گر در سرت ہوائے وصالست حافظا ⁂ باید کہ خاکِ درگہ اہلِ بصر شوی

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

خسرو :- خسروا پائے یک مردان گیر / بامسیحا نشیں و پیش بمیر

مولانا روم :- قال را بگزار مرد حال شو / پیش مرد کاملے پامال شو

ضرورت مرشد پر بحث ہے :-

گویا :- ہمیشہ صحبت مردان حق طلب گویا / کہ طالبان خدا واصلان اللہ اند

حافظ :- کلید گنج سعادت قبول اہل دل ست / مبادکس کہ دریں نکتہ شک وریب کند

مرشد کامل کے بغیر راہ عشق طے نہیں ہوتی۔ انکی دستگیری اور شفقت ساتھ چاہیئے۔ حسن بیان ملاحظہ ہو :-

گویا :- فدائے خاک درش می شود ازاں گویا / ہر کہ خاک نہ گردد بمدعا نرسد

حافظ :- بکوئے عشق منہ بے دلیل راہ قدم / کہ من بخویش نموم صد اہتمام و نشد

ادب اور خدمت مرشد کامل کے متعلق لکھتے ہیں :-

گویا :- ما پائے شاہ سر افگندہ ایم / از دو عالم دست را افشاندہ ایم

" :- فداست جان و دل من بخاک مقدم پاک / ہر آنکسے کہ بسوئے تو رہ نمود مرا!

حافظ :- بیا کہ چارۂ ذوق حضور و نظم امور / بہ فیض بخشی اہل نظر توانی کرد

مقصد دل ہادی برتر کی مہربانی سے ملتا ہے۔ صرف جنگلوں میں مجاہدہ سے کام نہیں بنتا :-

گویا :- ایں متاع حق بہ پیش صاحبان دل بود / چوں بہ صحرا مے روی در گوشۂ ویرانہ نیست

فیض و برکت مرشد کامل کے بارہ میں لکھتے ہیں :-

گویا :- سیے بحال غریبان پارسا نرسد / رسیدہ ایم بجائے کہ بادشاہ نرسد

حافظ :- کیمیائیست عجب بندگی پیر مغاں / خاک او گشتم و چندیں در جاتم دادند

حرمت خاک پاک (گوروکی چرن دھوڑ) کی فضیلت و برکت بیان کرتے ہیں :-

گویا :- مشت خاک درگہ او کیمیا گرے کند / ہر گدا را بادشاہ ہفت کشورے کند

برائے روشنی چشم دل اگر خواہی! / بخاک درگہ او ہیچ توتیا نرسد

خاک درگاہ تو صد تاجت بہر فرق من / عاصیم گر دل ہوائے تاج و افسرے کند

حافظ :- باغ بہشت و سایۂ طوبیٰ و قصر حور / با خاک کوئے دوست برابر نمی کنم

نعمت کوئے دوست (آستان مرشد کامل) اور گدائی در ستگور کی برکت کا ذکر ہے :-

گویا :- گدائے کوئے ترا میل پادشاہی نیست / ہوائے سلطنت و ذوق کجکلاہی نیست

" :- ہزار خلد بریں را بہ نیم جو نخرند! / ازاں کہ ہیچ بداں کوئے دگر بار نرسد

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

روضۂ باغِ ارم قربان کنم　　بسکہ مارا کوئے او باشد لذیذ

گویا:- تا بہ گردِ سرکوئے تو بگردید دلم　　روضۂ خلدِ بریں را بکنم پا انداز

حافظ:- واعظ مکن نصیحتِ شوریدگاں کہ ما　　با خاکِ کوئے دوست بفردوس ننگریم

اپنے مرشدِ کامل کی محبت میں وہ شعر کہا ہے جو سارے دیوان کی جان ہے:-

گویا:- دین و دنیا در کمندِ آں پری رخسارِ ما　　ہر دو عالم قیمتِ یک تارِ موئے یارِ ما

مرشدِ کامل سے التجا اور عرض و معروض کرکے رحم و کرم کے طالب ہیں:-

گویا:- اے خاکِ درگہِ تو شفا بخشِ عالم است　　رحمے بکن بحالِ غریبانِ دردناک

حافظ:- اے خسروِ خوباں نظرے سوئے گدا کن　　رحمے بمنِ سوختۂ بے سر و پا کن!

اثرِ خوشِ صحبتِ مرشدِ کامل کا بیان ہے:-

گویا:- صحبتِ مردانِ حق بس اثر است　　طالبانِ راہست چندیں احتیاج

تاثیرِ نگاہِ مرشدِ کامل، مرشدِ کامل کی نظرِ فیض اثر طالب کے لئے ذکر و فکر، ریاضت و طاعت کا باب کشادہ
کرتی ہے، نفس کو حرص و طمع سے فارغ کرکے خالقِ برتر کی محبت بخشتی ہے اور آخر
منزلِ مقصود پر پہنچا دیتی ہے:-

گویا:- بزیرِ سایۂ طوبیٰ مرادہا یابی!　　بزیرِ سایۂ مردانِ حق، خدا یابی

خوشبوئے دوست:-

گویا:- زندہ میگردم ز بوئے مقدمش　　بسکہ مارا بوئے او باشد لذیذ

حبِ درویشاں کی تلقین کرتے ہیں:-

گویا:- بر فقیرانِ خدا رحمے بکن　　تا دریں دنیا بیابی انبساط

عاشقانِ حق ہی پوشیدہ رازوں سے آگاہ ہیں۔ اسرارِ حقیقت سے ظاہر پرست واقف نہیں ہیں۔ جو
مقامات کے پیچھے دوڑتے ہیں:-

گویا:- ایں متاعِ شوق را از عاشقانِ حق بخواہ　　زانکہ در جانش بجز نقشِ رخِ جانانہ نیست

حافظ:- رازِ درونِ پردہ ز رندانِ مست پرس　　کیں حال نیست صوفیٔ عالی مقام را

گدایانِ عشق۔ چونکہ طالبِ مولا ہیں اور ماسوائے حق کسی شئے پر نظر نہیں رکھتے۔ ان کے ظاہری حال کو خستہ
ہے حقیر نہیں سمجھنا چاہیئے:-

گویا:- تمام دولتِ دنیا بہ یک نگاہ بخشند　　بقیں بداں کہ گدایانِ او شہنشاہ اند

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

حافظ:- ببیں حقیر گدایانِ عشق راکیں قوم شہانِ بے کمر و خسروانِ بے کلہند

اُلفت دونوں جہانوں کے ظہور سے پیشتر موجود تھی:-

گویا:- نبود ہیچ نشاں از آسمان و زمیں کہ شوقِ روئے تو آورد در سجودِ مرا

حافظ:- نبود رنگِ دو عالم کہ نقشِ اُلفت بود زمانہ طرحِ محبّت نہ ایں زماں انداخت

اجتماعِ خاطر کے بغیر تسکینِ رُوح ناممکن ہے۔ طاعت و بندگی کے لئے اوّل جمعِ خاطر درکار ہے:-

گویا:- تُرا کہ نیست بیک گوشہ خاطرِ مجموع مقامِ ایمن و خوش گوشۂ فضا چہ کُند

حافظ:- ہر آں کہ خاطرِ مجموع و یارِ نازنیں دارد سعادت ہمدمِ او گشت و دولت ہم قریں دارد

اِستغنائے درویشی کا ذکر ہے:-

گویا:- ہزار تختِ مرصّع فتادہ در راہ اند قلندرانِ تو تاجِ رنگیں نمے خواہند

حافظ:- حافظ غبارِ فقر و قناعت ز رُخ مشوے کایں خاک بہتر از عملِ کیمیا گری

قناعت و فقر کا بیان ہے۔ قانع مرد وُہی ہے جو دُنیا و آخرت سے دستبردار ہے۔

گویا:- بادشاہے جہاں جُز شورش و غوغا بیش نیست پیشِ درویش کہ او از مُدعا خواہد گذشت

ہر آنکہ مملکتِ دل گرفت سُلطاں شُد کسے کہ یافت تُرا ہم چو او سپاہی نیست

حافظ:- درویشم و گدا و برابر نمے کنم پشمیں کلاہِ خویش بصد تاجِ خسروی

سعدی:- دِلا گر قناعت بدست آوری در اقلیمِ راحت کُنی سروری

عطار:- با قناعت ساز دائم اے پسر گرچہ ہیچ از فقر نبود تلخ تر!

رضا، تسلیم، توکّل و شُکر کا ذِکر کرتے ہیں:- امورِ خداوندی کے تابع صبر و شُکر سے راضی برضا اور خوش رہنا چاہیئے:-

گویا:- مدام شاکر و شاداب چوں دلِ گویا تمام مطلب و فارغ ز مُدعا می باش

حافظ:- ز سیم و زر ت نیست برو شاکر باش چہ بہ از دولتِ لُطفِ سخن و طبعِ سلیم

سعدی:- مطلب گر توانگری خواہی! جُز قناعت کہ دولتیست ہنی!

طاعتِ مولا بیں لازوال دولت ہے منزلِ استقامت کی تشریح ہے:-

گویا:- بیادِ دوست تواں عُمر را بسر بُردن کہ در برابرِ آں ہیچ کیمیا نرسد

خاقانی:- پس از سی سال ایں معنی محقق شد بہ خاقانی کہ یکدم با خُدا بُودن بہ از مُلکِ سُلیمانی

حافظ:- گدائے کوئے تو از ہشت خُلد مستغنی است اسیرِ بندِ تو از ہر دو عالم آزاد است

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

عرفان کی تعلیم کرتے ہیں :-

گویا :- بگذر از بیگانگی و شو بخود تو آشنا   ہر کہ با خود آشنا شد. از خدا بیگانہ نیست

ضبطِ عشق کا بیان ہے :-

گویا :- گویا خموش باش کہ سودائے عشقِ یار   تا ایں سراست از سرِ خود وا نمے کنیم

حافظ :- بدردِ عشق بساز و خموش شو حافظ   رموزِ عشق مکن فاش پیشِ اہلِ عقول

طلبِ مولا کا ذکر ہے :-

گویا :- ما نمے خواہیم ملک و مال را گویا ازاں   سایۂ زلفِ ترا بالِ ہما فہمیدہ ایم

از دوست غیر دوست تمنا نمے کنیم   ما بہر دردِ خویش مداوا نمے کنیم

فرمودۂ کلک و زبان کی حقیقت ظاہر ہے :-

گویا :- شعر گویا زندگی بخش است چوں آبِ حیات   بلکہ از پاکیزگی ز آبِ بقا خواہد گذشت

شعر گویا بیش از شیر و شکر   میوہ در ہندوستاں باشد لذیذ

حافظ :- حافظ چہ طرفہ شاخِ نباتیست کلکِ تو   کش میوہ دلپذیر تر از شہد و شکر است

سحر خیزی، بیداریٔ سحر کی برکت و فضیلت کا تذکرہ ہے :-

گویا :- بیداری است زندگیٔ عارفانِ شوق !   گویا حرام کردم از آئندہ خوابِ صبح

حافظ :- ہر آنچہ رسد از نورِ فیض سبحانی   نصیبۂ دلِ شخصے کہ شب سحر خیز است

استدلال کی تشریح ہے :-

گویا :- اے دل بسوئے مدرسہ گر میل نداری   بارے بسوئے خانۂ خمار تواں رفت

حافظ :- بر درِ مدرسہ تا چند نشینی حافظ   خیز تا از درِ مے خانہ کشادی طلبیم !

فنائے ہستیٔ موہوم :-

گویا :- فرش کردم در قدومم راہِ تو   دیدہ و دل را کہ بودہ در بساط

معیت باحق :- گویا :- دلِ عاشق بہ اندک فرصتے معشوق میگردد   سراپا جاں شود ہر کس کہ با جانانہ مے سازد

حیاتِ ابدی :- گویا :- در ہر دو کون گردنِ او سربلند شد   منصور وار ہر کہ بسوئے دار مے رود

منزلِ عشق دراز است بپا نتواں رفت   سر قدم ساز کہ تا در رہِ آں یار شوی

آپ کا کلام لفظی و معنوی خوبیوں سے بھرا ہوا ہے۔ روانی قدرتی ہے۔ ہر شعر میں سوز و درد ہے اور پڑھنے والے پر قدرتی طور پر ایک اثر ہوتا ہے۔ پروردگار کی حمد بجا لاتے ہیں۔ اور مرشدِ کامل کا واسطہ دیکر التجائے بخشش کرتے ہیں۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

گویا:- اے کمالِ تو کمالست و کمالست و کمال — اے جمالِ تو جمالست و جمالست و جمال
مُرشدِ کامل ما بندگیت فرماید — اے زہے فالِ مُبارک کہ کُند صاحبِ حال

عبادت کی تلقین کرتے ہیں:-
گویا:- قدم آں بہ کہ در راہِ خُدا بیہودہ مے باشد — زبانے بہ کہ در ذکرِ خُدا آسُودہ مے باشد

خدمتِ دُنیا، متاعِ دُنیا حقیر ہے۔ اس سے اجتماعِ خاطر نہیں ہو سکتا بلکہ اسبابِ پریشانی ہی نکہ مال و زر سے فراہم ہوتا ہے:-

گویا:- ز فیضِ مُرشدِ کامل مرا معلوم شُد آخر — کہ دائم مردمِ دُنیا بہ غمِ آسُودہ مے باشد

رُباعی { گویا تا کے ایں سرائے معدُوم — گاہے لازم شوی و گاہے ملزوم
تا کے چوں سگاں بر استخواں جنگ کُنی — دنیا معلوم و اہلِ دُنیا معلوم

عُمر خیام | رُباعی | دُنیا دیدی، و ہر چہ دیدی ہیچ است — واں نیز کہ گُفتی و شنیدی ہیچ است
سرتاسر آفاق دویدی، ہیچ است! — واں نیز کہ در خانہ خریدی، ہیچ است

تلاشِ حق:- گویا:- دیدی آخر طالبِ مولا رہِ مولا گرفت! — حاصلِ عُمرِ گرامی را ہمیں دُنیا گرفت

عشقِ مولا:- گویا:- بغیر عشقِ خُدا، ہیچ عشق قائم نیست — بغیر عاشقِ مولا ہمہ فنا پندار

ربن ہر پریت ہور پریت سب جھُوٹی۔ (گوربانی)

ترکِ آخرت:- گویا:- سایۂ طوبیٰ و فردوس نخواہد ہرگز — ہر کہ منصُور صفت سایۂ دارے دارد
حافظ:- حافظِ مقیم در گہِ او باش و عیش کُن — کاندر بہشت بہتر ازیں گوشہ نیست جائے

بیخودی در محبتِ الٰہی، ننائی العشق:-
گویا:- ما بندۂ عشقیم خُدا را نشناسیم — دُشنام ندادیم دُعا را نشناسیم
خسرو:- خلق مے گوید کہ خسرو بُت پرستی مے کُند — آرے آرے میکُنم با خلقِ عالم کار نیست
حافظ:- فاش مے گویم و از گفتۂ خود دلشادم — بندۂ عشق ام و از ہر دو جہاں آزادم
گویا:- بیمارِ نرگسیم کہ نرگس غلامِ او ست — ما آرزوئے خضر و مسیحا نمے کُنیم!
خسرو:- از سرِ بالینِ من برخیز اے ناداں طبیب — دردمندِ عشق را دارُو بجز دیدار نیست

دیدارِ حق:- گویا:- ہر طرف دیدار، اما دیدۂ بینا کجاست — ہر طرف نُور است و ہر سُو شعلۂ الوار ہست
خسرو:- ہست بہ تختگاہِ دل جلوۂ قُرب روز و شب — یک بجلوۂ چُناں چشمِ خیال کے رسد

ذکرِ خُدا و سمرن کی تفسیر و توقیر بیان کرتے ہیں:-

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

گویا:- غیر یادِ خدا دمے که گذشت — این زوال ست پیش اہلِ کمال

" ما بیادِ حق ہمیشہ زنده ایم — دائم از احسانِ او شرمنده ایم

" غافل نشوند یکدم از یادِ خدا — دیگر از بلند و پستی نکنند

عطار:- زنده دار از ذکر صبح و شام را — در تغافل مگذران ایّام را

سعدی:- نشاید سر از بندگی تافتن! — که دولت به طاعت توان یافتن

حافظ:- اے بے خبر بکوش که صاحب خبر شوی — تا راه رَو نباشی و کے راہبر شوی

مشاہدهٔ انوارِ تجلّیات:- خدا کو حاضر و ناظر جاننا اور ہر شے میں تجلّی کا مشاہده کرنا:-

گویا:- خدا که در ہمه جاست حاضر و ناظر — کجاست دیده که بیند بہر طرف دیدار

" :- ہر جا که دیده ایم، جمالِ تو دیده ایم — ما جُز جمالِ دوست تماشا نمے کنیم

نَحنُ اقرب الله مِن جبلِ الوَرِید (آیۂ قرآن) :- (ہم اپنے بنده سے اُسکی گردن کی شہ رگ سے زیاده نزدیک ہیں)

گویا:- اے که نزدیک تو از شہ رگ و عالم حیراں — یارِ ما این چه خیالست و خیالست و خیال

" چُوں ز شہ رگ ہست شہ نزدیک تر — چُوں بصحرا مے رَوی اے بے خبر (زنده)

معرفت و عشقِ حقیقی سے طالب داخلِ حصولِ کمال کے لئے ریاضت، بندگی اور جہد و سعی درکار ہے۔ بالحق ہوتا ہے:-

گویا:- یادِ او کُن یادِ او گویا مدام — تا بیابی از غمِ عالم فراغ

دائما دِل را بسُوئے حق بیار — تا به آساں بگذری این پُلصراط

توکّل صرف خدا کی رحمت پر کرنا چاہیئے۔ اعمال پر بھروسہ بے سُود ہے۔ بخشش فقط رحمتِ ایزدی اور مہرِ خداوندی سے ملتی ہے:-

گویا:- ما نمے لافیم از زُہد و ریا — گر گنہ گاریم حق بخشنده است

عطار:- تکیه کم کُن خواجه بر کردارِ خویش — دِل بنه بر رحمتِ جبّارِ خویش

حافظ:- برعمل تکیه مکُن خواجه که در روزِ ازل — تو چه دانی قلمِ صُنع بنامت چه نوشت

مستی و ذوق و شوق:-

گویا:- ما نیز چو گویا زِ ازل مست الستیم — این قاعدهٔ زُہد و ریا را نشناسیم

حافظ:- حافظ مکُن ملامتِ رنداں که در ازل — ما را خدا ز زُہد و ریا بے نیاز کرد

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

اثرِ بندگی گویا:۔ آسماں بسجدہ کُند پیشِ زمینِ کہ برو — یک دو کس یک دو نفس ذکرِ خدا بنشیند

اثرِ محبت۔ گویا:۔ اے زہے دم کو بیادش بگذرد — سر بہماں خوش کو رود در کارِ عشق

ترکِ مدّعا۔ گویا:۔ گدائی در کوئے تو بہ ز سلطانیست — خلافت دو جہاں ترکِ مدّعا دیدم

عارفِ مولا، طالبِ حق دنیا و آخرت کا طالب نہیں ہوتا۔ وہ ذکر و فکر اور حمد و تحمید میں معروف و مشغول اور غرقِ توحید ہوتا ہے:۔

گویا:۔ ہر کس ز خدائے خویش چیزے خواہد — گویا ز خدا یادِ خدا مے خواہد

〃:۔ ہر بندہ کہ طالبِ مولا باشد — در ہر دو جہاں رتبہ اش اولیٰ باشد

ملامتِ نفس۔ گویا:۔ صد کار کردۂ کہ نیاید بکارِ تو — گویا بکن کہ باز بیاید بکارِ عمر

ارادت و عقیدت۔ گویا:۔ مے فروشد دلِ دیوانہ خود را، گویا — با مئیدِ کرم آنکہ خریدار شوی

تعریفِ قلب، دل وہی ہے جس میں عشق و محبت، شوق و ذوق ہو۔ اور ذکر و فکر کے سبب پُر نور ہو:۔

گویا:۔ اے زہے دل کو ز عشقِ حق پُر است — خم شدہ پُشتِ فلک از بارِ عشق!

عشق و محبت، حال و وصال:۔

گویا:۔ ما بجز حدیثِ عشقِ تو حرفے نخواندہ ایم — در راہِ عشق ایں ہمہ تکرار مے کنیم

بے ثباتیِ عالم۔ گویا:۔ از گذشتن ہا چہ مے پرسی دریں دہرِ خراب — بادشاہ خواہد گذشت و ہم گدا خواہد گذشت

سعدی:۔ جہاں بر آب نہادست و زندگی بر باد — غلامِ ہمّت آنم کہ دل برد ننہاد

حافظ:۔ جمشید جز حکایتِ جام از جہاں نبرد — زنہار دل مبند بر اسبابِ دنیوی

اثرِ جدائی۔ گویا:۔ دلِ من بے تو چناں است چہ گوید گویا — ہم چو آں شمع کہ دائم بود مش سوز و گداز

حافظ:۔ اے مجلیاں سوزِ دلِ حافظِ مسکیں — از شمع بپرسید کہ در سوز و گداز است

ارتقاءِ منزلِ مقصود۔ گویا:۔ دلِ من فارغ و در کوئے تو پرواز کند — گر ز راہِ کرمِ خویش بہ بختی پر و بال

خودی، ہمارے قلب اور حواس پر پردہ ہے اسی لئے جمالِ حقیقی کے مشاہدہ سے محروم ہیں:۔

گویا:۔ از خود نمائیِ تو خدا ہست دور تر — بینی درونِ خویش شوی از خودی خلاص

حافظ:۔ جمالِ یار ندارد نقاب و پردہ ولے — غبارِ رہ بنشاں تا نظر توانی کرد

تعلیمِ نفس، ہمیں ہر نفس غنیمت شمار کرنا چاہیئے۔ جو کچھ کرنا ہے کریں۔ ایسا نہ ہو سفر کا وقت آجائے اور کچھ نہ کر پائیں:۔

گویا:۔ باشد رواں چو قافلۂ موج پے بہ پے — آبے برش یک نفس از جوئبارِ عمر

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

گویا :- این عمر گرانمایہ غنیمت شمر آخر — ما صبح ندیدیم کہ او شام ندارد

حافظ :- وقت را غنیمت دان آنقدر کہ بتوانی — حاصل از حیات اے جان یکدم است تا دانی

سعدی :- صاحبا عمر عزیز است غنیمت دانش — گوئے خیرے کہ توانی ببر از میدانش

گویا :- ہاں مغتنم شمار دمے را بذکر حق! — چوں باد میرود ز نظر در شمار عمر

خطاب بہ نفس خود. گویا :- یکدم بخویش راہ بزدم کہ بیستم — اے وائے نقد زندگیم رائیگاں گذشت

حافظ :- بیا حافظ بہ پند تلخ کن گوش — چرا عمرے بہ غفلت مے گذاری

ملامت غفلت. گویا :- وائے بر لحظے کہ بیہودہ گذشت — الغیاث از غفلت ما الغیاث!

سعدی :- اے کہ پنجاہ رفت در خوابی — مگر این پنج روزہ دریابی

حافظ :- بہل کہ عمر بہ بیہودہ بگذرد حافظ — بکوش و حاصل عمر عزیز را دریاب

اسرار حق۔ گویا :- گوش گر شنوا بود جز نام حق کے بشنود — گر زباں گویا بود در ہر سخن اسرار ہست

حافظ :- آنکس ست اہل بشارت کہ اشارت داند — نکتہ ہا ہست بسے محرم اسرار کجاست

یاد الٰہی سے غفلت صاحبدلوں کے لئے مرگ ہے :-

گویا :- در آں زماں کہ نیائی بیاد مے میرم — بغیر یاد تو زیں زیستن چہ سود مرا

عطار :- از خدائے خویشتن غافل مباش — غافلا نہ در رہ باطل مباش

گویا :- غفلت از وے یک زماں صد مرگ داں — زندگی یاد ست نزد عاقلاں (زندگی نامہ)

دربیان عجز و انکساری بندہ :-

گویا :- خود نما را بندگی منظور نیست! — او ہمیشہ صاحب و ما بندہ ایم

گریہ باعث نزول رحمت ہے :-

گویا :- تا بیائی یک نفس بہر نیاز خدمت — چشم گوہربار ما خوش لولوئے لالہ گرفت

" دو چشم من کہ دریائے عظیم الشاں بود گویا — ز ہر اشکم بود شادابی صد باغ باغ ایں جا

" با ساحل مراد کجا آشنا شویم — تا چشم ما بیاد تو دریا نمے شود

حافظ :- ز دریائے دو چشم گوہر اشک — جہاں در لولوے لالہ گرفتہ است

بیان بادۂ عشق و معرفت و ساقی (مرشد کامل) :-

گویا :- ساقیا برخیز و ہاں پر کن ایاغ — تا ز نوشش او کنم رنگیں دماغ

سعدی :- بیار آں شراب چو آب حیات — کہ یابد ز نوشش دل از غم نجات

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

حافظ :- ساقی بنورِ بادہ بر افروز جامِ ما — مطرب بگو کہ کارِ جہاں شُد بکامِ ما

عمر خیام :- ساقی مئے معرفت مرا مکرمت است — در مشربِ بے حریفاں معصیت است

شکرِ خالق کی تعلیم ہے :- گویا :- زاں آفریدہ است مرا آں خدائے پاک — جُز حرفِ حق کہ غیر نیاید زِ جسمِ خاک

سعدی :- چگونہ شکرِ ایں نعمت گذارم — زِ منّتِ خاک ما را آفریدی

ہمہ اوست :- گویا :- بگردِ کعبہ و بُت خانہ ہر دو گردیدم — دگر نیافتم آنجا ہمیں ترا دیدم !

حافظ :- در کعبہ و بُت خانہ تو مسجودی و معبود — رُو سوئے تو باشد ہمہ صاحب نظراں را

عمر خیام :- بُت خانہ و کعبہ خانۂ بندگی است — ناقوس زدن ترانۂ بندگی است !

زمزمۂ عشق :- گویا :- زندہ مانی دائما اے نیک خوئے — بشنوی گر زمزمہ از تارِ عشق !

" :- بادشاہاں سلطنت بگذاشتند — تا شوند محرم از اسرارِ عشق

عمر خیام :- { سر دفترِ عالمِ معانی عشق است — سربیتِ قصیدہ خوانی عشق است
اے آنکہ خبر نداری از عالمِ عشق } — ایں نکتہ بداں کہ زندگانی عشق است

حُسنِ عمل :- گویا :- بغیر عارفِ مولا کسے نجات نیافت — اجل زمین و زماں را گرفت در منقار

عمر خیام :- روزے کہ جزائے ہر صفت خواہد بود — قدرِ تو بقدرِ معرفت خواہد بود

مقصدِ حیات، خدا کی خاص عبادت، محبت، صدق اور اخلاص کے ساتھ اس کا سمرن کرنا ہے یہی مقصدِ حیاتِ انسانی ہے :-

گویا :- خوش است عمر کہ در یاد بگذرد ورنہ — چہ حاصل است ازیں گنبدِ کبود مرا

ہر کس کہ زِ شوقِ تو قدم از سر ساخت — نہ طبق چرخ علم برافراخت

شُد آمدنش مبارک و رفتن ہم — گویا آنکس کہ راہِ حق را بشناخت

افشائے راز، حقیقی راز کی باتیں افشا نہیں کرنا چاہئیں۔ منصور کا یہی جرم تھا جسکی پاداش میں دار پر کھینچا گیا :-

گویا :- چوں انا الحق بر زباں اظہار کرد — شرح آں منصور را بر دار کرد (زندگی نامہ)

" بے ادب پا را منہ منصور وش در راہِ عشق — رہ روِ ایں راہ را اوّل قدم بر دار ہست

" ہر کہ شُد در راہِ مولا بے ادب — ہمچوں منصورش سزد بر دارِ عشق

حافظ :- گفت آں یار کزو گشت سرِ دار بلند — جُرمش آں بود کہ اسرار ہویدا می کرد

مدعی اسرارِ عشق سے محض بے خبر ہیں :-

گویا :- گفتگوئے ہر کس در ادراکِ خود است — لب فرو بند کہ تا محرمِ اسرار شوی

سعدی :- ایں مدعیاں در طلبش بے خبر اند — کانرا کہ خبر شُد خبرش باز نیامد

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

حافظ :- اربابِ خرد ذوقِ مئے عشق چہ دانند — از حالتِ ما نیست خبر بے خبراں را

بھیکا :- بھیکا بات اگم کی کہن سُنن کی ناہ! — جو جانے سو کہے نہ جو کہے سو جانے ناہ

ذاتِ خدا ادراکِ بصر سے بالا ہے۔ لوگ اپنی اپنی سمجھ اور بصر کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ جیساکہ ہے کسی کو معلوم نہیں محض خیالات ہیں:-

گویا :- ہر کہ گوید تو چہ باشی و چہ گوید جز تو — گشت حیراں ہمہ عالم ہمہ در عینِ جمال

حافظ :- ترا چنانکہ توئی ہر نظر کجا بیند — بقدرِ بینش خود ہر کسے کند ادراک

طالب صادق — عشق و محبت میں وہی شخص راست ہے کہ خدائے برتر کے سوائے اسے کچھ یاد نہ آئے۔ نہ ہی وہ غیر پر نگاہ کرے:- گویا:- بسوئے غیر میفگن نظر کہ بے بصریست — تمام چشم شو سوئے دوست و اِمی باش

" ما یارِ ہمدمیم نہ بینیم غیرِ او — ما چشمِ خود بروئے کسے وا نمے کنیم

حافظ:- مردمِ دیدہ ما جز برخت ناظر نیست — دلِ سرگشتۂ ما غیر ترا ذاکر نیست

بیانِ انتظار- گویا:- در انتظارِ تو چشمم سفید شد — من چوں کنم کہ بے تو دلاسانے شود

" یکہ امشب نامدی از انتظار — سوخت محفل چشمِ آتشبارِ شمع

" برائے دیدنِ او دیدہ ام شد چشمۂ کوثر — بیا جاناں کہ قربانِ تو جانِ مستمندِ من

عارفِ کامل:- فنائے ہستئ موہوم سے عارفِ کامل کو معیتِ حق حاصل ہوتی ہے اسکی نظر صورت پر نہیں بلکہ حقیقت پر ہوتی ہے۔ صاحبِ نظر بت خانہ میں ہو یا کعبہ میں وہ حقیقت شناس ہے۔ وہ خدا کو کسی خاص عقیدہ میں محدود نہیں کرتا۔ جب سالک انتہائے سکون پر پہنچتا ہے تو اس کا قلب ایسا پاک و صاف ہو جاتا ہے کہ غیر کا خیال تک اس کے نزدیک نہیں آتا:- گویا:- ہر جا کہ بنگرند جمالِ تو بنگرند — صاحبدلاں نظارۂ روئے تو مے کنند

گویا :- برہمن مشتاقِ بت زاہد فدائے خانقاہ! — ہر کجا جامِ محبت دیدہ ام سرشار ہست

" چند میگوئی تو اے گویا خمش شو زیں سخن — شوقِ مولا منحصر بر کعبہ و بت خانہ نیست

حافظ :- در عشق خانقاہ و خرابات شرط نیست — ہر جا کہ ہست پرتوِ روئے حبیب ہست

شرابِ عشق (ذکر و یاد) اور ساقئ طریقت (مرشدِ کامل) کے فیض سے یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہے:- محبوب (خدا) کے انوار کا جلوہ پیالہ (قلب) میں نظر آتا ہے۔

گویا :- پیالے ساغرِ رنگیں زمے کن پر ایاغ ایں جا — نشۂ لعل میگونت زحق بخشد سراغ ایں جا

حافظ :- ما در پیالہ عکسِ رخِ یار دیدہ ایم — اے بے خبر ز لذتِ شربِ دوامِ ما

فنا ہو کر ہی بقاء حاصل ہوتی ہے۔ خودی کو محو کرنا چاہیئے تاکہ سرافرازی حاصل ہو۔ عشق کا راستہ بھی عجیب

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

راستہ ہے۔ یہاں وُہ سر اُٹھاتا ہے جس کا سر نہیں رہتا:۔

گویا:۔ اے بوالفضول گویا از عشقِ او مزن دم — گو پا نہد دریں راہ آنرا کہ سر نباشد
گویا:۔ سر پا شُدہ۔ پا سر شُدہ در راہِ مُحبت — گُم و لیکن سر و پا را نشناسیم!
حافظ:۔ عجب راہیست راہِ عشق کانجا — کسے سر بر کُند کش سر نباشد
گویا:۔ منزلِ عشق درازست بپا نتواں رفت — سر قدم ساز کہ تا در رہِ آں یار شوی

قلبِ سلیم اگر مصفیٰ ہو تو اسمیں عرش سے فرش تک سب کچھ نظر آتا ہے۔ غفلت کے سبب دِل کو معلوم نہیں اسمیں کیا خوبی ہے، آنکھ اگر حقیقی بصارت رکھتی ہو تو جلوہِ حقیقی نظر آتا ہے:۔

گویا:۔ دِل اگر دانا بوَد اندر کنارش یار ہست — چشم گر بینا بوَد در ہر طرف دیدار ہست
حافظ:۔ سالہا دِل طلبِ جامِ جم از ما مے کرد — آنچہ خوُد داشت ز بیگانہ تمنا مے کرد

طالبِ مَولا، دُنیا و آخرت کی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔ جو عشقِ خُدا کا طالب ہے، وُہ دُنیا و عاقبت سے دستبردار ہے۔ بہشت و دوزخ سے اِسے مطلق سروکار نہیں۔ جو عشقِ الہیٰ میں مُبتلا ہو وُہ بلاشک دونوں جہانوں سے آزاد ہے:۔

گویا:۔ ہرگز بہ سیرِ روضہِ رضواں نمے رَود — گویا کسے بجانبِ کوُئے بُتاں گزشت
گویا:۔ گدائے درگہِ تو بادشاہِ ہردوسَراست — اسیرِ خطِ ترا حاجتِ رہائی نیست

خلوتِ دِل میں جمالِ حقیقی ہے۔ ترکِ دُنیا کرکے صحرا و دشت میں مجاہدہ کرنے کی ضرورت نہیں یہی دِلؔ "کوُئے دوست" ہے

گویا:۔ صد روضہِ رضواں ست چوُں درخانہ شگفتہ — گویا بچہ سُوئے در و دیوار تواں رفت
حافظ:۔ خلوت گزیدہ را بہ تماشا چہ حاجت است — چوُں کوُئے دوست ہست بصحرا چہ حاجت است

سرمایہِ عشق کے بغیر منزلِ مقصوُد ہاتھ نہیں آتی۔ ذوق و شوق کے ساتھ سالکِ بزرگ کی صحبتِ بابرکت درکار ہے جب تک یادِ حقیقی اور فنائے خوُدی کی پوُنجی ساتھ نہیں ہے انوارِ صفات کا جلوہ نظر نہیں آسکتا۔ رہبرِ منزل بھی دِلِ ناقص پر توجہ و عنایت نہیں کرتا۔

گویا:۔ بغیر بدرقہٗ عشق کے رسی با دوست — بغیر جذبہِ شوقِ تو رہنما چہ کُند

ظہورِ عالم کی تفسیر دلکش پیرایہ میں کی ہے:۔

گویا:۔ ندانستم من از روزِ ازل ایں نقشِ آدم را — کہ نقّاش از برائے بوُدنِ خود خانہ مے سازد
حافظ:۔ ایں ہمہ عکسِ مئے و نقشِ مخالف کہ نمود — یک فروغِ رُخ ساقیست کہ در جام اُفتاد

وجہِ مُطلق کے مشاہدہ کی طرف آنکھیں لگی ہوں۔ وہ صوُرت جو ادراک و فہم سے بالا ہے۔ کسی شئے کے مانند کس طرح ہوسکتی ہے۔ گویا:۔ ریزہ دلاں کہ چشم ندارند مُطلقاً — خورشید را مقابلِ رُوئے تو مے کُنند

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

حافظ:- عارضش را بمثلِ ماہِ فلک نتواں خواند — نسبتِ دوست بہر بے سروپا نتواں کرد

مُرشدِ کامل مشتِ خاک کو ذرّہ سے سُورج بنا دیتا ہے۔ فنا، ہستی موہومہ کے بعد ہی بقائے دوام حاصل ہوتی ہے:-

گویا:- کیمیا گر، گر زِ مِس سازد طِلائے دور نیست — طالبِ حق خاک را خورشیدِ انور مے کُند

حافظ:- دست از مِس وجود چوں مردانِ حق بشوئے — تا کیمیائے عشق بیابی و زر شوی!

وجدان (شناخت) گویا:- صحبتِ عارف میسّر گر شود ایں عجب دان — ایں تنت را طالبِ حق شوقِ اکبر مے کُند

مجاہدہ و ریاضت:- گویا:- کیست گویا کو مُرادِ دل نیافت — ہر کسے با نفسِ خود کردہ غضب!

تزکیہ۔ نفس، نفس کو پاک کرنا لازم ہے:-

گویا:- دائما دِل را بسُوئے حق بیار — تا بہ آساں بگذری ایں پُلِ صراط

تصفیہ قلب، دِل کو صاف کرنا چاہیئے تاکہ معرفت حاصل ہو:-

گویا:- گر زِ راہِ شوق سازی سینہ صاف — زود بینی خویشتن را بے گزاف

بگذر از لذّاتِ ایں خمسہ حواس — تا بیابی لذّتے زاں جامِ صاف

جذبۂ ذوق و شوق:- گویا:- ایں دیدہ نیست آنکہ از و اشکے چکد — جامِ محبت است کہ سرشار مے رود

حضورِ قلب:- گویا:- منم یک مُشتِ گِل گویا درونِ نُور او لامع — بگردش دائما گردد دلِ پُر ہوشمندِ من

بیانِ عشق، جس کی سرشت میں عشق ہے وہ خود بخود خاموشی سے فدائے حق ہے۔ البتہ خام فریاد و نالہ سے کام رکھتے ہیں:-

گویا:- پروانہ وار گِردِ رُخِ شمع جاں دہیم — چوں عندلیب بیہودہ غوغائے کنیم

حافظ:- آتش آں نیست کہ بر شعلۂ او خندد شمع — آتش آں ہست کہ بر خرمنِ پروانہ زدند

درگاہِ عشق۔ گویا:- صد ہزاراں سر بکف در راہِ او — ایستادہ تکیہ بر دیوارِ عشق!

بھائی نندلال صاحب حقیقی شاعر تھے۔ آپ کے کلام سے آپ کے حالاتِ زندگی اور مقامات کا پتہ لگتا ہے۔ اپنے ستگورو کی مدح وصفت کرنے والے اور توصیف گانے والے بہت سے سخنور اور شاعر پیدا ہو سکتے ہیں مگر بھائی نندلال جیسا عقیدتمند مدحت سرا کوئی نہ ہوگا:-

مدحتِ ستگورو:- دین و دُنیا در کمندِ آں پری رُخسارِ ما — ہر دو عالم قیمتِ یک تارِ مُوئے یارِ ما

قدرِ لعلِ او بجز عاشق نداند ہیچ کس — قیمتِ یاقوت داند چشمِ گوہر بارِ ما

مستانِ شوق غلغلہ دارند در جہاں — صد جاں فِدائے یک سرِ مُوئے تو مے کُنند

آئینۂ خدائے نُماہست رُوئے تو — دیدارِ حق زِ شیشۂ روئے تو مے کُنند

تمام دولتِ گیتی فدائے خاکِ درش — کہ تا فداش نہ گردد بمدّعا نرسد

سلہ مُرادِ بلبل

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

خاکِ درگاہِ تو صد تاج است بہرِ فرقِ من
ما صیم گر دل ہوائے تاج و افسرے کند

کسے کو دید دیدارِ مقدس !
رادِ عمر را حاصل نکو کرد

ذکر وصفش بر زباں باشد لذیذ
نام او اندر جہاں باشد لذیذ

زندہ میگردم ز بوئے مقدمش
بسکہ ما را بوئے او باشد لذیذ

تبسم تو جہاں را حیات مے بخشد
قرارِ دیدۂ ما جدلانِ پُر اسرار

من از جواں کہ پیر شدم در کنارِ عمر
اے با تو خوش گذشت مرا در کنارِ عمر

ماکہ دیدیم سرِ کوئے تو اے محرمِ راز
در ہمہ روئے نگندیم سرے بہرِ نیاز

دلِ من بے تو چنانست چہ گوید گویا
ہمچوں آں شمع کہ دائم بودش سوز و گداز

دل نثارِ قامتِ رعنائے او !
جاں فدائے جانِ جاناں است و بس

آبِ حیاتِ ما سخنِ پیرِ کامل است
دلہائے مُردہ را یکند زندہ و خلاص

فرشِ کردم در قدوم راہِ تو !
دیدہ و دل را کہ بودہ در بساط

صبح دم گویا تماشائے عجیب
جملہ عالم خفتہ و بیدار شمع !

اے خاکِ درگہِ تو شفا بخشِ عالم است
رحمے کن بحالِ غریبانِ دردناک

مرشدِ کامل ما پندگیت فرمایہ !
اے زہے فالِ مبارک کہ کند صاحبِ حال

ما نمے خواہیم ملک و مال را گویا ازاں
سایۂ زلفِ ترا بالِ ہما فہمیدہ ایم

ما بپائے شاہ سر افگندہ ایم
از دو عالم دست را افشاندہ ایم

ما بندۂ عشقیم خدا را نشناسیم
دشنام ندادیم و دعا را نشناسیم

نمے گنجد بچشم غیرِ شاہِ خود پسندِ من
بہ چشم خوش نشست آں قامتِ بختِ بلندِ من

مبرائے باد، خاکم از درِ دوست
دشمنم سرزند کہ ہرجائی ست

بزیرِ سایۂ طوبیٰ مرادہا یابی !
بزیرِ سایۂ مردانِ حق خدا یابی

گویا ست غلامِ مرشدِ خویش
ایں خط نہ محتاجِ گواہی باشد

اشعارِ بالا حسنِ تصوف، بیانِ معرفت، رنگِ عقیدت، سوز و گداز، تازگی، شگفتگی، سادگی، حکمت، متانت، حقیقت، ندرت اور برجستگی ایسے محاسنِ سخن سے متصف ہیں۔ ان جواہرات کی آب و تاب ہمیشہ لعل و گہر کو شرمندہ کرتی رہیگی۔ بھائی صاحب میں حکمت، نصیحت اور صفت و صلاح کا ایک بے بہا خزانہ دے گئے ہیں ؂

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

شعرِ گویا ہر کسے کو بشنود از جان و دل
کے دِلش پرواہِ لعل و کانِ گوہرے کُند

دِلی کی سرزمین میں خواجہ حافظ، صاحب تبریزی، عُرفی شیرازی اور بیدل وغیرہ قادر الکلام شعرائے نامدار نے سخن سرائی کی ہے۔ ناظمِ شیریں بیاں بھائی نند لال صاحب نے بھی پانچ اشعار کی ایک غزل کہی ہے جو دیوانِ گویا میں تیسرے نمبر پر مُندرج ہے۔ ناظرین پڑھ کر خُود اندازہ لگائیں اور لُطف اُٹھائیں :-

بھائی صاحب نند لال

بدہ ساقی مرا یک جام جاں رنگینیِ دل ہا
بچشم پاک بیں آساں کُنم من جُملہ مُشکل ہا
مرا در منزلِ جاناں ہمہ عیش و ہمہ شادی
جرس بیہودہ مے نالد کُجا بندیم محمل ہا
خُدا حاضر بود دائم ببیں دیدارِ پاکش را
نہ گردابے درو حائل نہ دریائے نہ ساحل ہا
چرا بیہودہ مے گردی بصحرا و بدشت اے دل
چوں آں سُلطانِ خوباں کردہ اندر دیدہ منزل ہا
چوں غیر از ذاتِ پاکش نیست در ہر جا کہ می بینم
بگو گویا کُجا بگذارم ایں دُنیا و اہلِ ہا
(جب ہر جگہ اُسکی پاک ذات کے سوا کوئی دُوسرا نہیں تو بتاؤ اس دُنیا و مافیہا کو چھوڑ کر کدھر جائیں) (ترجمہ)

خواجہ حافظ

اِلا یا ایہا السّاقی اَدِر کاساً و ناوِلہا
کہ عشق آساں نمُود اوّل ولے افتاد مُشکل ہا
مرا در منزلِ جاناں چہ امن عیش چُوں ہر دم
جرس فریاد میدارد کہ بر بندید محمل ہا
شبِ تاریک و بیم موج و گردابے چنیں حائل
کُجا دانند حالِ ما سُبکسارانِ ساحل ہا
بمے سجّادہ رنگیں کُن گرت پیرِ مُغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسمِ منزل ہا
حضُوری گر ہمی خواہی ازو غائب مشو حافظ
متیٰ ما تلق من تہویٰ دعِ الدُنیا و اہملہا!
(اے حافظ! اگر حضُوری کی خواہش ہے تو کبھی غافل نہ ہو۔ جب وصلِ محبُوب کی خواہش کرتا ہے تو دُنیا و مافیہا کو ترک کر) (ترجمہ ۵)

حضرت صابر صاحب

(۱)
اگر خواہی غمِ غُربت طلب کُن از درِ دل ہا
بکوئے دلبرِ جاں دہ کہ گردی شمعِ محفل ہا

(۲)
بمکتب خانۂ رِنداں بیا یکدم اگر خواہی
کتابِ سرِّ دل بر خواں کہ گردد حلِ مشکل ہا

عُرفی شیرازی

دلم در کعبہ رُو کردہ و ہمّت جویداز دل ہا
کہ خواہد باندشش از بے کعبہا در طے منزل ہا

صائب تبریزی

مدار از منزلِ آرایانِ طمع معمائی دل ہا
کہ وُسعت رفت از دست و دِل بردم بہ منزل ہا

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

اگر با سرِ محمل ریزی از پیرِ مغاں گویم
جرس بکشاید و ناقوس بربندد بہ محمل ہا

ہزاراں عقدہ چوں انگور اوّل داشتم صائب
بیک پیمانۂ ے کرد ساقی حلِ مشکل ہا

مرزا بیدل

کجا راحت چہ آسودن کہ از نایابیٔ مطلب
بپائے جستجو چوں آبلہ خوں گشت منزل ہا
چوں اشک از کلفتِ پندارِ ہستی در گرہ بودم
بیک دم ناگہ از چشمِ خود و حل گشت مشکل ہا

زِ برقِ ایں تحیر آب شد آئینۂ دِل ہا
کہ رہ تا محملِ لیلیٰ است بیروں تاز محمل ہا
کنارِ عافیت کم بود از بحرِ طلب بیدل
شکست اندر موج ناگل کرد بیروں ریخت ساحل ہا

اگرچہ بحور و قوافی مختلف ہیں تاہم بسوخت، الغیاث، نرسد، عمر، باشد، فراق اور شوی وغیرہ کی ردائف میں خواجہ حافظ اور بھائی صاحب گویا کی مشہور غزلیات کے چند اشعار ملاحظہ کریں اور معانی، پروازِ تخیل اور نکاتِ تصوف و معرفت کی شان دیکھیں:-

بسوخت

بھائی صاحب نندلال

دلِ من در فراقِ یار بسوخت
جانِ من بہرِ آں نگار بسوخت
آنچناں سوختم ازاں آتش!
ہر کہ بشنید چوں چنار بسوخت!
من نہ تنہا بسوختم در عشق
ہمہ عالم ازیں شرار بسوخت
آفریں یاد بر دلِ گویا!
کہ اُمید دمے یار بسوخت

خواجہ حافظ

سینہ ام ز آتشِ دل در غمِ جانانہ بسوخت
آتشے بود دریں خانہ کہ کاشانہ بسوخت
تنم از واسطۂ دوریٔ دلبر بگداخت
جانم از آتشِ ہجرِ رخِ جانانہ بسوخت
سوزِ دل بیں کہ زبس آتشِ اشکم دلِ شمع
دوش بر من زِ سرِ مہر چوں پروانہ بسوخت

الغیاث

از دو چشمِ مست و شہلا الغیاث
از لب و دہنِ شکرخا الغیاث
دلبرانِ شوخ عالم در ربود!
میکنم از دستِ آنہا الغیاث

دردِ ما را نیست درماں الغیاث
ہجرِ ما را نیست پایاں الغیاث
دین و دل بردند و قصدِ جاں کنند
الغیاث از جورِ خوباں الغیاث

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

گویا

وائے بر نفسے کہ بیہودہ گذشت
الغیاث از غفلتِ ما الغیاث
از نزاعِ کفر و دیں دِل برہم است
بر درِ درگاہِ مولا الغیاث
کے ز دستِ خنجرِ مژگانِ او
میشود خاموش گویا الغیاث

حافظ

ہر زمانم دردِ دیگر مے رسد
زیں حریفاں بر دِل و جاں الغیاث
خونِ ما خوردند ایں کافر دِلاں
اے مسلماں چہ درماں الغیاث
از خدنگِ ناوکِ مژگانِ او
زخم ہا افتادہ در جاں الغیاث

نرسد

کسے بحالِ غریبانِ پارسا نرسد
رسیدہ ایم بجائے کہ بادشاہ نرسد
ہزار خلدِ بریں را بہ نیم جو نخرند
ازاں کہ ہیچ بداں کوئے دلربا نرسد
طبیبِ عشق چنیں گفتہ است میگوید
بحالِ دردِ غریباں بجز خدا نرسد
بیادِ دوست تواں عمر را بسر بردن
کہ در برابرِ آں ہیچ کیمیا نرسد
فدائے خاکِ درش میشود ازاں گویا
کہ ہر کہ خاک نہ گردد بمدعا نرسد

بہ حسن خلق و وفا کس بیار ما نرسد
ترا دریں سخن انکار کارِ ما نرسد
ہزار نقد بہ بازارِ کائنات آرند
یکے بہ سکۂ صاحب عیارِ ما نرسد
دریغ قافلۂ عمر آنچناں رفتند
کہ گردِ شاں بہ ہوائے دیارِ ما نرسد
چناں بزی کہ اگر خاکِ رہ شوی کس را
غبارِ خاطرے از رہگذارِ ما نرسد

عمر

من از جواں کہ پیر شدم در کنارِ عمر
اے با تو خوش گذشت مرا در کنارِ عمر
دم ہائے ماندہ را تو چنیں مغتنم شمار
آخر خزاں بیاورد ایں نو بہارِ عمر
ہاں مغتنم شمار دمے را بذکرِ حق!
چوں باد مے رود ز نظر در شمارِ عمر

اے خرم از فروغِ رخت لالہ زارِ عمر
باز آ کہ ریخت بے گلِ رویت بہارِ عمر
از دیدہ گر سرشک چو باراں رود رواست
کاندر غمت چو برق بشد لالہ زارِ عمر
اندیشہ از محیطِ فنا نیست ہر گزم
بر نقطۂ دہانِ تو باشد مدارِ عمر

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

باشد رواں چو قافلۂ موج پے بہ پے
آبے بنوش یک نفس از جویبارِ عمر
صد کار کردۂ کہ نیاید بکارِ تو!
گویا بکن کہ باز بیاید بکارِ عمر

دِلے در گزار بود نظر سوئے ما نکرد
بیچارہ دل کہ ہیچ ندید از گذارِ عمر

باش

مدام بادہ کش و صوفیٔ صفائے باش
تمام زہد شو و رندِ بے نوائے باش
بسوئے غیر مینگن نظر کہ بے بصریست
تمام چشم شو و سوئے دوست وائے باش
نگویمت کہ سوئے دیر یا حرم مے رو
بہر طرف کہ روی جانبِ خدائے باش
بسوئے غیر چو بیگانگاں چہ مے گردی
دمے زِ حالِ دلِ خستہ آشنائے باش
مدام شاکر و شاداب چوں دلِ گویا
تمام مطلب و فارغ ز مدعائے باش

بدورِ لالہ قدح گیر و بے ریائے باش
ببوئے گل نفسے ہمدمِ صبائے باش
نگویمت کہ ہمہ سال مے پرستی کن
سہ ماہ مے بخور و نہ ماہ پارسائے باش
گرت ہواست کہ چوں جم بسرِ غیب رسی
بیا و ہمدم جامِ جہاں نمائے باش
مرید طاعتِ بیگانگاں مشو حافظ
ولے معاشرِ رندانِ پارسائے باش
چوں پیرِ سالکِ عشقت بمے حوالہ کند
بنوش و منتظرِ رحمتِ خدائے باش

حافظ

بہر کجا کہ روی جانِ من خدا حافظ
بردۂ دل و ایمانِ من خدا حافظ

ز چشمِ بد رخِ خوبِ ترا خدا حافظ
کہ کرد جملہ نکوئی بجائے ما حافظ

فراق

ربود مقدمِ وصلش زمن عنانِ فراق
دہیم تا بہ کجا شرحِ داستانِ فراق
نبود غیر تو در ہر دو چشم و ابر دیم
نیافتیم در آنجا دگر نشانِ فراق
ہنوز ہیچ نیالودہ بود وصلِ ترا
شنیدہ ام سخنِ وصل از زبانِ فراق

زبانِ خامہ ندارد سرِ بیانِ فراق
وگرنہ شرح دہم با تو داستانِ فراق
دریغ مدتِ عمرم کہ بر امیدِ وصال
بسر رسید و نیامد بسر زمانِ فراق
سرے کہ بر سرِ گردوں بفخر مے سودم
ز روئے ہجر نہادم بر آستانِ فراق

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

شوی

گویا

چہ کردہ فراقِ تو بر سر گویا
کہ در شمار نیاید مرا بیانِ فراق

بیوفا نیست کسے گر تو وفادار شوی
وقت آنست کہ ہر وقت خبردار شوی
جاں اگر ہست نثارِ قدمِ جاناں کن
دل بدلدار بدہ زانکہ تو دلدار شوی
منزلِ عشق درازست بپا نتواں رفت
سر قدم ساز کہ تا در رہِ آں یار شوی
گفتگوئے ہمہ کس در ادراکِ خود است
لب فروبند کہ تا محرمِ اسرار شوی
مے فروش دلِ دیوانۂ خود را گویا
بامیدِ کرم آنکہ خریدار شوی

حافظ

چگونہ باز کنم بال در ہوائے وصال
کہ ریخت مرغِ دلم پر در آشیانِ فراق

اے بیخبر بکوش کہ صاحب خبر شوی
تا راہ رو نباشی، کے راہبر شوی
خواب و خورت ز مرتبۂ عشق دور کرد
آں دم رسی بدوست کہ بیخواب و خور شوی
اگر نورِ عشقِ حق بدل و جانت افتد
باللہ کز آفتابِ فلک خوب تر شوی
از پائے تا سرت ہمہ نورِ خدا شود
در راہِ ذوالجلال چوں بے پا و سر شوی
بنیادِ ہستیٔ تو چوں زیر و زبر شود!
در دل مدار، ہیچ کہ زیر و زبر شوی
گر در سرت ہوائے وصالست حافظا
باید کہ خاکِ درگہِ اہلِ بصر شوی

(۲) زندگی نامہ شاعرِ درویش کی یہ مقدس تصنیف مثنوی مولانا روم کی یاد دلاتی ہے۔ رموزِ معرفت کا نادر اور گرانمایہ بیان ہے، سلکِ نظم میں دُرہائے خوش آب پروئے ہیں جن پر لعل و گوہر نثار ہیں۔ ایک ایک شعر معرفتِ الٰہی کی کلید ہے۔ تصوف و عرفان کا ایک پاکیزہ باب ہے۔ لفظ لفظ میں درسِ پند و نصیحت ہے۔ ہر شعر چراغِ راہ ہے۔ جس کی روشنی رہروانِ راہِ حق کے لئے باعثِ ہدایت اور فروغِ عقل و دانش ہے، مطالعۂ نظم باعثِ سعادت و برکت ہے۔ دیدہ ور مقصدِ حیات سے آگاہ ہوکر اپنا دامنِ مراد موتیوں سے بھر لیتا ہے اور صاحبدل فیض یابِ رحمت و معرفت ہوجاتا ہے۔ صاحبِ نظر کے لئے یہ مقدس صحیفہ سرمایۂ حیات ہے

"زندگی نامہ بلسانِ چشمۂ آبحیات ؎ ہر کہ خواند می کند در بندگی حاصل کمال" شاعرِ شیریں زباں نے قوم و ملک پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ یہ کتاب گویا آبِ حیات ہے، جس سے جاودانی زندگی ملتی ہے۔ ہر شعر وجد آفریں ہے۔ استادِ استاداں نے

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

طالبانِ جامِ معرفت کے لئے بادۂ عرفان و شوق کے ساغر جابجا بھر کر رکھ دیئے ہیں۔ شائقینِ تصوف کے لئے کسی بسیط شرحیں لکھ دی ہیں۔ نکتہ نکتہ واضح کر دیا ہے، اسرار و رموز اور مقاصدِ حیات شعر شعر میں بیان فرمائے ہیں۔ شاعرِ عالی کا سینہ گنجِ معرفت۔ دل مخزنِ علم و حکمت اور ضمیر روشن ہے۔ مثنویِ معنوی کی طرح یہ مثنوی بھی منتخبِ روزگار ہے ——

" درسِ تصنیفِ مقدس مے دہد از حق سبق ✤ کلمہ کلمہ جملہ جملہ مخزنِ جو دو نوال "

سارے اشعار آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ شاعرِ بزرگ نے دلائل اور پسندیدہ پیرایہ کے ساتھ عرفان و معرفت کا دلکش بیان کیا ہے۔ زباندانی اور کمالِ شاعری کا اعتراف ستگورو حضور نے اس طرح فرمایا کہ ان کی تصنیفِ مقدس کو نظرِ کرم سے حیاتِ جاودانی بخش دی، " بندگی نامہ بنامِ زندگی شد سرفراز ✤ یافت از ستگور حیاتِ جاودانی نندلال "

ہر شعر تبرک ہے، ناظرین خود مطالعہ کریں اور انوارِ سخن سے اپنے دل و دماغ کو منور کریں۔ یہاں چند اشعار پر ہی اکتفا کی جاتی ہے۔ ہر شعر سے کتنے عقدے حل ہوتے ہیں۔ حرف حرف سے کرنیں پھوٹتی ہیں۔ جو دل کی تاریکی کو دور کر کے سینہ میں اجالا پھیلا دیتی ہیں۔

۱۔ مرشدِ کامل طالب پر بندگی و طاعت کا دروازہ کھول کر اثرِ صحبت اور نظرِ رحمت سے اسے ریاضت، ذکر اور عشقِ الٰہی میں مشغول کر دیتا ہے۔ یہی دولتِ جاوید ہے :- { مرشدِ کامل :- (ستگور حضور) ✤ طالب :- (سکھ شیوک) }

گویا :- صحبتِ نیکاں اگر باشد نصیب ✤ دولتِ جاوید یابی اے حبیب
محرمِ حق مرشدِ کامل کند ✤ دولتِ جاوید را حاصل کند
منزلِ او بر زبانِ اولیاست ✤ روز و شب کاندر دلش یادِ خداست

۲۔ مرشدِ کامل کی نظرِ فیض اثر طالب کے نفس کی اصلاح اور نفس کی تربیت کرتی ہے :-

گویا :- مرشدِ کامل چو باشد رہنما ✤ با خدائے خویش گردی آشنا
" مرشدِ کامل علاجِ دل کند ✤ ایں مرادِ دل بہ دل حاصل کند
مولانا رومؒ :- چشم روشن کن ز خاکِ اولیا ✤ تا بہ بینی ز ابتدا تا انتہا !

۳۔ مرشدِ کامل پارس ہے وہ طالب کو تانبہ سے زرِ خالص کر دیتا ہے، جملہ نقائص نکال کر اوصاف بھرتا ہے اور حقیقت کے رنگ میں طالب کو رنگ دیتا ہے۔

گویا :- ناقصاں در نظرِ کامل مے کنند ✤ بیدلاں را صاحبِ دل مے کنند
" ایں وجودِ مس ترا سازد طلا ✤ ایں طلا معلوم از یادِ خدا
" صحبتِ شاں کیمیا باشد ترا ✤ تا چہ مے خواہی روا باشد ترا
اے زہے مرشد کہ دل را شوق داد ✤ اے زہے مرشد کہ بندِ دل کشاد
مولانا رومؒ :- گر تو سنگِ خارہ و مرمر بوی ✤ چوں بصاحب دل رسی گوہر شوی

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

۴۔ طالب دریائے معرفت کو ناخدا (مرشدِ کامل) کے بغیر عبور نہیں کرسکتا:۔

گویا:۔ ایں مرادِ دل کسے بے آں نیافت — ہر گدائے دولتِ سلطاں نیافت
" مرشدِ کامل ہمہ را آرزوست — غیرِ مرشد کس نیابد رہ بدوست
مولانا رومؒ:۔ ہر کہ او بے مرشدے در راہ شد — او ز غولاں گمرہ و در چاہ شد

۵۔ جب تک مرشدِ کامل سے تعلقِ خاطر پیدا نہیں ہوتا طالب کو حضوریٔ قلب، عرفان اور ذکر و فکر میں ذوقِ سلیم حاصل نہیں ہوسکتا:۔

گویا:۔ واقفِ از مرشدِ کامل شوی — بے تکلف صاحبِ ایں دل شوی
" صحبتِ شاں شوقِ حق بخشد ترا — از کتابِ حق سبق بخشد ترا
" واقفِ ایں رہ چو گردد رہنما — خلوتے در انجمن باشد ترا
" مرشدِ کامل دہد از حق نشاں — نامِ بے مرشد میاور بر زباں
مولانا رومؒ:۔ خاک شو مردانِ حق را زیرِ پا — خاک بر سر کن حسد را ہم چو ما

۶۔ جنہیں مرشدِ کامل مل گیا ہے وہ خوش قسمت ہیں۔ اور دونوں جہانوں میں سرخرو اور ممتاز ہیں:۔

گویا:۔ مرشدِ کامل کسے را دست داد — تاجِ عرفاں را بفرقِ او نہاد
" ہر کہ خاکِ پائے شاں را سرمہ ساخت — بر دلش تحقیق نورِ بدر تافت!
" من چہ ذرہ مشتِ از خاکِ غریب — ایں ہمہ دولت ز مرشد شد نصیب
مولانا رومؒ:۔ بندۂ یک مردِ صاحبدل شوی — بہ کہ بر فرقِ سرِ شاہاں شوی!

۷۔ طالب کو اول ادب درکار ہے۔ بے ادب مقصدِ حقیقی سے محروم رہتا ہے:۔

گویا:۔ بے ادب ہرگز بحق راہے نیافت — راہِ حق را ہیچ گمراہے نیافت!
" در رہِ حق جز ادب تعلیم نیست — طالبِ او را بجز تسلیم نیست!
مولانا رومؒ:۔ از خدا جوئیم توفیقِ ادب — بے ادب محروم ماند از لطفِ رب

۸۔ مرشدِ کامل کی رحمت و برکت طالب کے حق میں ہو تو سائل اپنی مراد کو پہنچتا ہے:۔

سبز مے سازند چوبِ خشک را — بوئے مے بخشند رنگ بے خشک را
اے زہے مرشد کہ نامِ پاک را — از کرم بخشید مشتِ خاک را

۹۔ خدمتِ مرشد سے ہی حقیقی دولت ملتی ہے:۔

گویا:۔ دولت اندر خدمتِ مردانِ اوست — ہر گدا و بادشاہ قربانِ اوست
عطارؒ:۔ حبِ درویشاں کلیدِ جنت است — دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است

۱۰۔ مرشدِ کامل کے بغیر خدا سے حضوری نصیب نہیں ہو سکتی۔ طالب کو اول ستگورو کے حضور حاضر ہونا چاہیئے:۔

گویا:۔ گر حضوری با خدا باید ترا — در حضورِ مرشدِ کامل برو!

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

گویا:- عارفِ کامل ترا کامل کُند - ہر چہ مے خواہی ترا حاصل کُند

مولانا روم:- ہر کہ خواہد ہم نشینی با خُدا - او نشیند در حضورِ اولیا!

۱۱- مُرشدِ کامل کی شناخت :-

گویا:- مُرشدِ کامل ہماں باشد ہماں - کز کلامش بُوئے حق آید عیاں!

چشمِ اُو بر غیر ہرگز وا نشد - قطرۂ اُو جز سُوئے دریا نہ شُد

۱۲- مُرشدِ کامل کے حضور لازوال دولت ہے - طالب کو اعتقاد اور خدمت فرض ہے :-

ہر گدا را عزّ و جاہے مے دہند - دولتِ بے اِستغنا ہے مے دہند

۱۳- تاثیرِ صُحبتِ مُرشدِ کامل :-

گویا:- آنچہ در صد سالہ عُمرے نیافت - صُحبتِ شاں ہمچو خورشیدش بتافت

صُحبتِ شاں خاک را اکسیر کرد! - لُطفِ شاں بر ہر دِلے تاثیر کرد!

صُحبتِ شاں نفع بسیار آورد - نخلِ جسمِ خاک را بار آورد

مولانا روم:- یک زمانے صُحبتے با اولیا - بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

۱۴- مُرشدِ کامل کے طفیل علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین حاصل ہوتا ہے اور طالب بلا شک بامراد ہو جاتا ہے:-

(دلیل سے - مشاہدہ سے - اور انجامِ مشاہدہ سے پہچاننا)

ہر کہ آید پیشِ شاں چُو ذرّہ وار - زُود گردد ہمچو مہر نُور بار!

ذرّہ را خورشیدِ انور مے کُند - خاک را از حق منوّر مے کُند

از طُفیلِ شاں خُدا را دیدہ ام - دیدہ ام و دیدہ ام و دیدہ ام

۱۵- آبِ حیات کا چشمہ دِل ہی میں ہے مگر مُرشدِ کامل کی توجہ (علم، عین، حق) سے رَسائی ہو سکتی ہے :-

آبِ حیواں اندرونِ خانہ ایست - لیک بے ہادی جہاں بیگانہ ایست!

۱۶- جب تک قلبِ سلیم صاف نہیں انسان بھٹکتا پھرتا ہے - ورنہ گوہرِ مقصود تو دِل کے اندر ہی پوشیدہ ہے جو مُرشدِ کامل کی مہربانی سے ہاتھ آتا ہے :-

او درُونِ دِل تو بیروں مے روی - او بخانہ تو بہ جستجوئے مے روی!

بادشاہِ ہر دو عالم در دِل است - لیک آں وارستہ از آب و گِل است

آنکہ او را جستم از ہر خانۂ - یافتم ناگاہ در کاشانۂ

۱۷- رُوح اور دِل کو ایک ہونا چاہیئے - خاطرِ پریشاں حضوریِ قلب حاصل نہیں کر سکتا :-

گویا:- ہم بدل یادِ خدا و بر زباں - ایں زبانش دِل شُد و دِل شُد زباں

ظاہر و باطن شدہ یکساں اُو - ہر دو عالم بندۂ فرمانِ اُو

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

ذکر را اخلاص مے باید نخست — ذکر بے اخلاص کے باید درست

عطار :- عبادت باخلاص نیت نکوست — وگرنہ چہ آید ز بے مغز پوست

۱۸- بندہ کو خاکساری، انکساری، عاجزی اور بندگی درکار و واجب ہے:-

سعدی :- صاحباں را صاحبی باشد شعار — بندہ را در بندگی فصل بہار

گویا :- تا توانی بندہ شو صاحب مباش — بندہ را جز بندگی نبود تلاش

" تا توانی بندہ شو سلطاں مباش

۱۹- صحبت درویشانِ حق:-

مولانا روم:- با بزرگے صحبتے مے بایدت — از ہمہ اوّل ہمیں مے بایدت

گویا :- صحبتِ مردانِ حق را دوستدار — تا تو ہم گردی ز بینش پائیدار

" گر ترا عقلست با دانش قریں — باش درویش و بدرویشاں نشیں

عطار :- اے نفس گر بدیدۂ تحقیق بنگری — درویشی اختیار کنی بر تونگری!

سعدی :- صحبتِ مرداں اگر یک ساعت است — بہتر از صد خلوت و صد طاعت است

۲۰- بشر بندگی، طاعت اور سمرن کے لئے پیدا ہوا ہے:-

مولانا روم:- بندہ پیدا شد برائے بندگی — خوش علاجے ہست بہرِ زندگی

گویا :- حق تعالیٰ بندگی فرمودہ است — بندہ اندر بندگی آسودہ است!

" دولت جاوید باشد بندگی — بندگی کن بندگی کن بندگی!

گر تو خواہی حرّی و دل زندگی! — بندگی کن، بندگی کن، بندگی

مولانا روم:- نشاید سر از بندگی تافتن — کہ دولت بطاعت تواں یافتن

سعدی:- یادِ حق آمد غذا ایں روح را — مرہم آمد ایں دلِ مجروح را

عطار:-

زندگی وہی ہے جو یادِ الٰہی میں بسر ہو:-

۲۱- زیستن را معنیٔ دانی کہ چیست — اے خوشا عمرے کہ در یادش بزیست

عمر آں باشد کہ او در یاد رفت — عمر نبود آنکہ او برباد رفت

۲۲- بے ثباتی عالم:- گویا:- دولتِ گیتی نباشد پائیدار — یک نفس دل را بسوئے حق بیار

سعدی:- منہہ دل بریں دیرِ ناپائیدار — ز سعدی ہمیں یک سخن یاد دار

عطار:- با چہ ماند ایں جہاں گویم جواب — آنکہ بیند آدمی چیزے بخواب

حاصلِ دنیا ہیچ ہے۔ جو شخص اسبابِ دنیا کے لئے یادِ حق سے غافل ہیں نادان ہیں:-

۲۳- گویا:- حاصلِ دنیا ہمیں دردِ سر است — ہر کہ غافل شد ز حق گاؤ خر است!

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

۲۴ - دُنیا اور اسبابِ دُنیا، یادِ الٰہی سے غفلت کا نام ہے :-

گویا :- چیست دُنیا دِلباسِ دُنیوی! — از خُدا غافل شُدن اے مولوی

مولانا رُوم :- چیست دُنیا از خُدا غافل بُدن — نے قماشِ نقرہ و فرزند و زن

۲۵ - دُکھ اور سُکھ کی تعبیر کتنی مختصر مگر جامع کی ہے، مختصر پیرایہ میں مکمل شرحِ غم و آرام ہے :-

غمِ چہ باشد؟ غفلت از یادِ خُدا — چیست شادی؟ یادِ آں بے مُنتہا

۲۶ - یادِ حقیقی سے بے پایاں نعمتیں ملتی ہیں :-

یادِ او گر مُونسِ جانت بود — ہر دو عالم زیرِ فرمانت بود

۲۷ - ایک سانس بھی اس کی یاد سے غافل نہیں رہنا چاہیئے - اور دِل کو اسبابِ دُنیوی پر مائل نہیں کرنا چاہیئے :-

گویا :- کُفر باشد از خُدا غافل شُدن — بر لباسِ دُنیوی مائل شُدن

غفلت از وے یک زماں صد مرگ داں — زندگی با او است نزدِ عاقلاں (عارفاں)

عطّار :- ترکِ لذاتِ جہاں باید گرفت — دامنِ صاحبدلاں باید گرفت

۲۸ - در حمدِ خُدائے برتر :-

آں خُداوندِ زمین و آسماں — زندگی بخشِ وجودِ اِنس و جاں

ہر کہ باشد دائما در یادِ او — یادِ حق دائم بود ارشادِ او

۲۹ - عشقِ حقیقی، طالب کو اپنی لگن کے سوائے کچھ یاد و خیال نہ رہے :-

گویا :- دِیدہ از دیدارِ حق پُر نور کُن — غیرِ حق از خاطرِ دِل دُور کُن

مولانا رُوم :- طالباں در راہِ حق خوں خوردہ اند — بندگی و حق گذاری کردہ اند

۳۰ - مشاہدۂ تجلیاتِ انوار سے قُربِ خُدا حاصل ہوتا ہے :-

گویا :- گر تو خواہی صاحبِ عرفاں شوی — جاں بجاناں دِہ کہ تا جاناں شوی

ہر کسے کو طالبِ دیدار شُد — پیشِ چشمش جُملہ نقشِ یار شُد

مولانا رُوم :- دِل بدلدارے بدہ و آزاد شو — جاں بجاناں واگذار اے جانِ من

۳۱ - ذِکر، مطلوبِ حقیقی کی پاک یاد کا نام جو ہر وقت زبان و دِل پر ہونے سے بشر واصل بالحق ہو جاتا ہے :-

گویا :- گر نشانِ زندگی سے بایدت — بندگئ حق ترا اے شایدت

" شوقِ مولا معنئ ذِکرِ خُدا ست — کاں طلسمِ جسمِ ما را کیمیا ست

" یا الٰہی بندہ را توفیق دِہ — تا بیادت بگذرد ایں عمرِ بہ

عطّار :- باش دائم اے پسر در یادِ حق! — گر خبرداری ز عدل و دادِ حق!

۳۲ - ذِکر، باطل سے مُنہ موڑ کر حق کی طرف رجوع ہونے کا نام ہے - باطل سے مُراد یہ دُنیا دہنی موہوم ہے

اس سے معرفتِ نفس اور معرفتِ عالَم حاصل ہوتی ہے، طالبِ حق پر حقائق منکشف ہوتے ہیں اور اسرارِ معنوی حاصل ہوتے ہیں:-

آں خوبانے بہ کہ ذکرِ او کُنند   خاطرے آں بہ کہ فکرے او کُنند

مولانا رومؒ:- ع   فکر آں باشد کہ بکشاید رہے۔

۴۳- بندگی میں لازوال دولت بلکہ بادشاہت ہے:-

گویا:- در لباسِ بندگی شاہی تُراست   دولتے از ماہ تا ماہی تُراست

مولانا رومؒ:- لاجرم در بندگی سُلطاں شُدند   بہتر خلق و جہاں ایشاں شُدند

۴۴- معرفتِ الٰہی:- گویا:- شوقِ عرفانش کسے را دست داد   کز کلیدش قُفلِ دل را وا کُشاد

عطارؒ:- ہر کہ عارف شُد خدائے خویش را   در فنا بیند بقائے خویش را!

حافظؒ:- عارفے کو سیر کرد اندر مقامِ نیستی   ہست شُد چوں سنئے از عالمِ اسرار داشت

۴۵:- ذکرِ قلب، یادِ حق کے سوا سب کچھ بھُول جائے۔ دِل وہی ہے جس میں عشق و محبت کی آگ بھری ہو اور ذکر و فکر ذوق و شوق کے سبب پُر نُور ہو:-

گویا:- حرفِ حق در دِل اگر مادی کُنند   در تنِ ہر مُوئے او حق جا کُنند
" اے زہے اِنساں کہ حق را یافتہ   رُو ز یادِ غیرِ حق بر تافتہ!
" ہر دمے کو بگذرد در یادِ او   با خُدا قائم بُود بنیادِ او
گر تُرا یادِ خدا باشد مُدام   تا شوی اے جانِ من مردِ تمام

عطارؒ:- اشتیاقِ حق بُود ذکرِ دِلت!   کوشش تا ایں ذکر گردد حاصِلت

۴۶- نُورِ حق، طالبِ حق کا دِل ذکرِ خدا سے پُر نُور ہوتا ہے اور صاحبِ دل کا وجُود ہمہ تن تجلّی ہوتا ہے:-

گویا:- ہر کہ خُود را سُوئے حق مے آوردش   از رُخِ او نُورِ حق مے باردش
" :- ایں وجُودت روشن از نُورِ حق است   روشن از نُورِ خدائے مُطلق است

سعدیؒ:- دِل از نُورِ طاعت منوّر بُود   سعادت زِ طاعت میسّر بُود

نظامیؒ:- نظامی تا توانی پارسا باش   کہ نُورِ پارسائی شمعِ دِلہاست!

مولانا رومؒ:- گر ہمی خواہی کہ بفروزی چو روز   ہستیِ ہمچو شبِ خُود را بسوز!

۴۷- ذکرِ خدا سے نُورِ قلب، نُورِ رُوح، نُورِ اسرار، نُورِ محبّت اور نُورِ حقیقت پیدا ہوتا ہے:-

ہر کسے کو با خُدا دِل بستہ است   اُو زِ چرخِ نُہ طبق بر جستہ است
شوق از یادِ حقش مُمتاز کرد   سر فراز و صاحبِ اسرار کرد
ذِکرِ مولا گر بدِل قائم شُدے   بر سرِ تختِ نگیں قائم شُدے

عطارؒ:- ذرّۂ دردِ خُدا حاصِل تُرا   بہتر از ہر دو سرا حاصِل تُرا

مولانا روم :- ؏ جہد کن تا نورِ تو رخشاں شود

۴۸ - مثنوی تحفۃ العاشقین مصنفہ شاہ عبدالصمد صاحب نقشبندی میں زندگی نامہ کے شعر نمبر ۳۰ ، ۳۱ ، ۳۳ ، ۳۵ ، ۳۸ ، ۵ ، ۹ ، ۴۱ ، ۴۳ ، ۴۴ ، ۴۶ ، ۴۷ ، ۴۸ ، ۶۰ ، ۶۴ ، ۶۹ ، ۷۰ ، ۷۲ ، ۷۳ ، ۹۴ ، ۹۵ ، ۹۹ ، ۱۰۰ مولانا روم کے نام سے درج کئے گئے ہیں مگر مثنوی معنوی میں کہیں یہ شعر تمام و کمال نہیں ملے ۔ یہ مثنوی ۱۲۷۰ھ کے لگ بھگ لکھی گئی ہے جس میں جگہ جگہ مولانا روم ، عطار ، سعدی اور زندگی نامہ کے اشعار متذکرہ صدر تحفۃ دیئے گئے ہیں ۔ چونکہ زندگی نامہ کا انداز ، رنگ اور بحر و وزن "مثنوی معنوی" سے ملتا ہے لہٰذا غلطی سے شاہ عبدالصمد صاحب نے یہ اشعار گویا مولانا روم کے نام سے لکھ دیئے ہوں گے ۔ زیرا کہ تین علیحدہ مکمل مثنوی ہا کی بغور ورق گردانی کے بعد یہ نتیجہ حاصل ہوا ہے ۔ ہرگز ایسے اشعار کسی جگہ شش دفاتر میں موجود نہیں ہیں :-

مصرعہ ثانی شعر نمبر ۳۴ خواجہ حافظ کا ہے "خاک بر سر کن غم ایام را" جو ہدیۃ درج ہے (غزل ردیف الف ہدیہ محاورہ بھی ہے ۔ خاک بر سر کردن)

مصرعہ ثانی شعر نمبر ۳۱ مولانا روم کا ہے "بندگی کن بندگی کن بندگی" جو تحفۃ مندرج ہے (دفتر سوئم مقام عنا حکایت ہفتم)

مصرعہ اول شعر نمبر ۴۸ جزوی طور پر مولانا روم کا ہے ۔ "تا توانی بندہ شو سلطاں مباش" ۔ لیکن اس میں تصرف جائز کر کے اسے

؏ تا توانی بندہ شو صاحب مباش

اور بلند کر دیا گیا ہے ۔

یہ ضروری نہیں کہ مندرجہ صدر مصرع ارادتاً یا ضرورتاً بھائی صاحب نے اپنی مثنوی میں شامل کئے ہوں بعض اوقات سخنور کی زبان پر بے اختیار وہی کلام آجاتا ہے جو پہلے بھی نازل ہو چکا ہو یا معمولی رد و بدل کے بعد نئی شکل اختیار کر لیتا ہے ۔ زندگی نامہ میں اشعار معرفت اور بیان و مضمون مسلسل ہے ۔ برخلاف اسکی مثنوی معنوی میں حکایتوں اور تمثیلوں کے بعد مختلف آیتوں اور حدیثوں کے مطابق اثر مضامین اور انجام نظم رونما ہے ۔ مقدس زندگی نامہ بیانِ معرفت نہیں ہے بلکہ جوہر عرفاں با عطر معرفت ہے ۔

۴۹ - در مدحت و توصیف و ثنائے مرشدِ کامل ، در صفت برکت و رحمتِ ستگورو حضور کلغی دھر جی مہاراج بادشاہ صادق راہِ منزل میں شاعرِ عالی نے بیشتر یہ مثنوئ معرفت موزوں کی ہے ۔ اسبابِ دنیوی سے دل ہٹا کر تمام و کمال اپنے مرشدِ کامل کے پاک آستان کی طرف مرکوز ہے ۔ احوالِ واقعی اور مشاہدات بیان کر رہے ہیں :-

ہر کہ گردِ کوئے شاں گردید یافت — در دو عالم ، ہمچو مہر و بدر تافت
میچکد از حرفِ شاں قند و نبات — بارد از ہر موئے شاں آبِ حیات
ما کہ از احسانِ شاں شرمندہ ایم — بندۂ احسانِ شاں را بندہ ایم
صد ہزاراں ہم چو من قربانِ شاں — ہر چہ گویم ، کم بود ، در شانِ شاں

من چہ ذرّہ مشتِ از خاکِ غریب
ایں ہمہ دولت ز مرشد شد نصیب

ہر کہ شاں را دیدہ حق را دیدہ است — خوشۂ گل از باغِ محبت چیدہ است

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

او برنگِ صاحبی با عزّ و جاہ | ما برنگِ بندگی اندر پناہ
اے زہے مرشد کہ دِل راشوق داد | اے زہے مرشد کہ بندِ دِل کشاد
اے زہے مرشد کہ با حق آشنا | کرد فارغ از غم و رنج و بلا
صورتِ حق معنیٔ مرشد بود | ہر کہ برگردد ازو مرتد بود
صورتِ حق مرشدِ کامل بود
نقشِ او دائم درونِ دِل بود
اے زہے مرشد کہ نامِ پاک را | از کرم بخشید مشتِ خاک را

(۴۳) جوت بکاس ہندی و فارسی

یہ شاعرِ اعظم کا ایک پاکیزہ گلدستۂ عقیدت ہے۔ خلوص و ارادت سے پیمبرانِ عالی حضور ستگورو صاحبان کی شانِ برتر میں مختصر مگر جامع اشعار رقم کئے ہیں اور اپنے مرشدِ کامل کی بے نظیر توصیف و ثنا کی ہے۔ تلمیحات و استعارات دلکش اور معنی خیز ہیں۔ یہ مقدس مثنوی بوستانِ سعدی کے وزن میں لکھی گئی ہے جسکی عظمت مسلّمہ اور تلاوت باعثِ برکت و سعادت ہے۔ قدرتی روانی کے ساتھ ساتھ جوشِ عقیدت موجزن ہے۔ یہ تصنیف ادب و عقیدت کا ایک پاکیزہ باب ہے۔ سالکِ راہ اور مرشدِ کامل کا عشق رگ رگ میں پیوستہ ہے۔ کلامِ عالیمقام بے حد موثر اور روح افزا ہے۔ جذباتِ الفت ترجمانِ فطرت ہیں۔ فردوسی کی طرح رزم اور نظامی کی طرح بزم کا حسین منظر کھینچا ہے۔ آپکی ہمہ گیر قابلیت اور عظیم واقفیت ہر شعر سے عیاں ہے۔ نامور سخنور نے مدحتِ ستگورو لاجواب پیرایہ میں کی ہے۔ عربی و فارسی کی زمین پُر معنی ہیں۔ جوت بکاس ہندی بھی جس میں صرف ۴۳ بند ہیں صفت و صلاح کی ایک مختصر نظم ہے۔ مضمون تقریباً ایک ہی ہے۔ لیکن جوت بکاس فارسی جس میں ۱۷۹ شعر ہیں زیادہ بسیط اور واضح ہے۔ اسے ترجمہ کہنا غالباً درست نہیں ہے۔ اپنی ہے۔ بطور تبرک چند اشعار تحریر ہیں۔

اپنی جگہ دونوں آزاد تصانیف ہیں۔ مظہرِ قدرت اور مقدرِ رحمت ہیں۔ آپکی سری گورو نانک دیو جی مہاراج مرشدِ العالمین، جگت گورو، نورِ خدا۔ عظمت و مکرمت مسلّمہ ہے۔ پیغمبرِ حق اور مقبلِ خدا ہیں، دنیا کے لئے روشنی و ہدایت اور جگ کے لئے فیض و برکت ہیں۔ توصیفِ ستگورو میں بھائی صاحب یوں نغمہ سرا ہیں:-

۱۔ گورو نانک آمد نرائن سروپ | ہماناں نرنجن نرنکار روپ
حقش آفریدہ ز نورِ کرم | ازو عالمے را فیوضِ اتم!
حقش گفت خود مرشدِ العالمین | نجات الورا رحمت اللہ نبیں!
منور ازو ہر دو عالم بحق | حقش داد بر جملہ مقبل سبق

عظمت و بزرگی کا ذکر کرتے ہیں

۲- ایک ہی مقدس تجلی اور ایک ہی نورِ ربانی دسوں ستگورو صاحبان اور پیمبرانِ یزداں میں جلوہ گر رہا۔ سب ایک ہی سروپ اور ایک ہی جوت ہیں۔ دیدہ ور شاعر و درویش یہ حقیقت یوں بیان کرتے ہیں:—

ہمو گورو گوبند و ہمو نانک است　　ہمہ شبدِ او جوہر و مانک است

۳- یہ تصنیفِ لطیف صنائع و بدائع کی خوبیوں سے مزین ہے۔ نعتِ پیمبر کا حق خوب ادا کیا ہے۔ عربی ترکیبیں بھی شامل ہیں۔ اور کہیں کہیں روشِ سعدی شیرازی ہے۔ سری گورو گوبند سنگھ مہاراج کی شانِ اقدس میں رقمطراز ہیں۔ یہ اشعار، صنائعِ معنوی کی صنعت تنسیق الصفات میں کہے گئے ہیں اور نعتِ سعدی شیرازی کے دو مصرعوں میں تصرف جائز کرکے مدحتِ ستگورو میں نادر و نایاب موتی پروئے ہیں۔ جہاں شیخ سعدی نے اسی صنعت میں صرف تین شعر کہے ہیں وہاں ہمارے شاعر و درویش نے فی البدیہہ تقریباً بیس شعر ان سے بہتر کہہ دیئے ہیں۔ ناظرین خود ملاحظہ کریں کہ طالبِ صادق نے عربی ترکیب میں کتنی کامیاب نعت کہی ہے۔ اسمیں پے در پے صفات سے موصوف کا ذکرِ خیر ہے اور معانی میں بیشمار خوبیاں ہیں۔

شیخ سعدی نعت

کریم السجایا جمیل الشیم
نبی البرایا شفیع الامم
شفیع الوریٰ خواجۂ بعث و نشر
امام الہدیٰ صدرِ دیوانِ حشر

بھائی نندلال صاحب گویا

کریم السجایا جمیل الخصال　　عموم العطایا شمول النوال
شفیع البرایا ضمان الوریٰ　　محیط السخایا ذکا الہدیٰ
وفور العطایا عمیم النعم!　　کثیر الفیوض و کفی الکرم!
عظیم المنازل رفیع المکان　　کریم الشمائل منیع البنیان!
مقدس جناب و معلیٰ خطاب　　گدائیش ہزاراں مہ و آفتاب
کریم المنش مالکِ الفیض و جود
ہمہ قدسیاں پیشِ او در سجود

سپہر نورِ خدا کی تنویر اور فضل کا بیان ہے:—

ز فیضش مکین و مکاں بہرہ ور　　ز نورش جہاں یافتہ زیب و فر!

۴- ستگورو جیو نے بھارت میں آکر ظلم و ستم کے اندھیروں کو مٹایا اور راستی، نیکی اور دھرم کے اجالوں کو جگ میں پھیلا دیا:—

پرستش دو گوہر فروزاں چو مہر　　یکے جائے فضل و دگر جائے قہر
باوّل جہاں را شدہ حق نما　　بہ ثانی ہمہ ظلم و ظلمت زدہ
ہم کذب و ناراستی گشت دور　　شبِ تیرہ گردید رخشاں چوں نور

۵- صنائع لفظی و معنوی میں ستگورو حضور کی فصیح و بلیغ تعریف کرکے آپکی عظمتِ پیمبری اور شانِ سرمدی کا ذکر کرتے ہیں:—

ہزاراں چو جمنا ہزاراں چو گنگ　　بپا اندرش سر نہادہ ز ننگ
ہزاراں علی و ہزاراں ولی　　بپائش نہادہ سرِ سروری!

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

چہ اعلےٰ چہ ادنےٰ ہمہ بر درش — سر افگندہ و بندہ و چاکرش
چہ خاک و چہ آتش چہ باد و چہ آب — چہ خورشیدِ رخشندہ و ماہتاب
ہمہ انبیا و ہمہ اولیا — ہمہ اصفیا و ہمہ اتقیا
بخاکِ درش سر نہادہ بہ عجز! — بپا اندرش اُوفتادہ بہ عجز

۶- بھائی صاحب علم معانی، علم بیان، علم بدیہہ اور علم عروض اور دیگر علوم کے ماہر اُستاد تھے۔ تمام کلام زیورِ فصاحت و بلاغت سے آراستہ ہے۔ محاسن بیشمار ہیں، جدّتِ طبع سے مُرشدِ کامل کی انوکھی تعریف و توصیف کی ہے۔ ہر شعر خوبیوں سے بھر پور ہے۔

در اوصافِ ستگورو:- زبانہا زِ توصیفِ او گنگ و لال — سخن را بوصفش چہ حدّ مجال
(صنعتِ ترصیع) در کرامات و اعجاز ستگورو:- کرم ہا و افضالِ او بیحلی — کرامات و اعجازِ او کبریا
صنعتِ مراعاۃ النظیر، در توصیفِ سخاوت و کرم:- محیطِ فیوض و کرم را گہر — سپہرِ سخا و عطا را قمر
تنسیق الصفات در مدحتِ فیض و بخشش — جہانِ سخا عالمِ مکرمت — محیطِ عطا قلزمِ عاطفت
" تضاد، در صفتِ ضمیرِ منیر:- ہمہ دیدہ آمد تنِ قدسِ او — ہویدا بہ چشمش ہمہ پشت و رو
" مقابلہ، در بزرگی و کرامت:- جہانبانِ مُلکِ نفضال و کرام — مہمّاتِ دارین را انتظام
" سجع موازنہ، در تعریفِ شہسواری و جنگ آوری:- بمیدانِ جنگ آوری شہسوار — بجولانِ خصم افگنی نامدار!
بہ بحرِ تحارب دمندہ نہنگ — دلِ خصم سوزاں بہ تیر و خدنگ
فروزندہ مہرے بہ ایوانِ بزم — دماں اژدہائے بہ میدانِ رزم!
" ذو القافیتین) رزم و بزم — بہ رزم اندروں نرہ شیرِ دماں — بہ بزم اندروں ابرِ گوہر فشاں
" مراعاۃ النظیر) در مدحتِ شجاعت — اگرچہ بہ تسخیرِ ہر دو جہاں — نیازش نباشد بہ تیغ و سناں
(سجع مطرّف) — ولے جوہرِ تیغ افروختہ — ز برقش دلِ دشمناں سوختہ
در وصفِ تیر افگنی — چناں ناوکش حلقہ در کرہ کرد — کہ ارجن نکردہ بروزِ نبرد!
(صنعتِ تجنیس) در ذکرِ سعادتِ صفت و صلاحِ ستگورو — ہر آنکس کہ او خواند نامش بصدق — رواشد ہر اُمید و کامش بصدق

دربیانِ برکت و شفقتِ ستگورو- اگر کسی کی قسمت رُوٹھی ہوئی ہو تو ستگورو حضور کے پوتّر چرنوں میں سیس رکھنے سے اس کا مقدر سیدھا ہو جاتا ہے۔ اور وہ عقیدت مند سائل کامیاب و کامرانِ زندگی ہو جاتا ہے۔

ہر آنکس کہ از راہِ صدقِ اعتقاد — بپائے ہمایون او سر نہاد
سر افراختش حق ز ہر سربلند — اگر بد نگوں بخت و اختر نژند!

۷- اگر آبِ حیات سے مُردہ اجسام جی اُٹھتے ہیں تو ستگورو جیو کے چرن امرت سے مُردہ دِل اور جان میں نئی زندگی آ جاتی ہے یاد و ذکر و بندگی اور عرفان و معرفت ہی حقیقی زندگی ہے۔ ورنہ انسان مُردہ کے برابر ہے جس نے حق کو نہ پہچانا

طالبِ صادق کو آپکی مہر سے بقائے دوام مِل جاتی ہے۔

زِ حیواں اگر مُردہ گُل ہا زِ بیند　　　　ازیں آب جانہا و دِل ہا زِ بیند

طُفیلش ہمہ مُجرماں را نجات　　　　زِ پاشوئے اُو مُردگاں را حیات

(صنعتِ ذوالقافیتین) :-

۸- سنگورو جیو کے سری امرتسر کے سامنے گنگا اور کُل ۶۸ تیرتھ عاجز ہیں۔

چہ گنگا مقابل بہ امرت سَرش　　　　کہ ہر شصت و ہشت (۶۸) آمدہ چاکرش

۹- مدحتِ ستگورو کلغی دھر جی مہاراج۔

ازیں برگزیں تر کہ آید گماں　　　　ازیں برتریں تر کہ گوید زباں

جہاں در جہاں مکرمت ذاتِ او　　　　زِ حد برتر آمد کمالاتِ او

سِرِ لعل بادا بنامش فدا!　　　　ازو باد جان و دِلش را نوا

(۵) **گنج نامہ** :- یہ ناظم سحرالبیان کی نظم و نثر کا مقدس خزانہ ہے۔ عقیدت کے موتی اور ارادت کے پھول جو ستگورو صاحبان کے پوتر چرنوں میں چڑھائے گئے ہیں قوم و وطن کے لئے سرمایۂ سعادت ہیں۔ ناثرِ باکمال نے نثر فصیح و بلیغ اور عبارت مسجع و مقفیٰ لکھی ہے نظم صنائع و بدائع سے مزین ہے تصنیفِ شریف لفظی و معنوی خوبیوں سے بھری ہوئی ہے۔ مدحتِ ستگورو خلوص و محبت کے انوکھے پیرایہ میں کیگئی ہے جسے لاکھوں عقیدتمند برکت و سعادت کے لئے روزانہ پڑھتے اور سنتے ہیں۔

"در باعثِ برکات و رحمت گنج تصنیف و ثنا　　　　آستانِ مُرشدِ کامل نمایدہر خیال"

بھائی صاحب کا اندازِ بیان دلکش اور والہانہ ہے۔ فضائلِ ستگورو علمیت و عقیدت کے ساتھ حسین و جمیل تحریر کی صورت لکھتے ہیں۔ جذباتِ اُلفت شعر و سخن بن کر قرطاس پر اُبھرے ہیں۔ مقدس ستگورو صاحبان کی صفت و صلاح فصاحت و بلاغت سے پُر ہے۔ لفظ لفظ سے صدق و ارادت مترشح ہے، اسلوبِ بیان شگفتہ و شاداب ہے۔ فاضل خوش طبع کی قابلیت اور جذبہ نگاری سُورج کی طرح روشن ہے۔ جذبات ارفع و اعلیٰ ہیں، شانِ ستگورو میں اس قدر مدحیہ کلام آج تک کسی سخنورِ ہند نے فراہم نہیں کیا۔ مدحتِ مُرشدِ کامل کے لئے دِل کی گہرائی سے شاہوار موتی نکلے ہیں جنہیں خلوص و عقیدت کی پاکیزہ لڑیوں میں پرو کر ستگورو کے نذر کیا ہے، یہ تصنیف بے حد مقدس و مُبارک ہے صفت و صلاح کے وقت اِس کے منتخب اشعار سری دربار صاحب امرتسر ہی نہیں بلکہ سبھی مقدس گوردواروں میں پڑھے جاتے ہیں۔ سامعین پر وجد کا عالم چھا جاتا ہے۔ صِدق و صفا اور ارادت و عقیدت کا ہر شعر آئینہ دار ہے۔

بنظرِ سعادت چند اشعارِ آبدار رقم ہیں :-

بلہاری گورو آپنے دیوہاڑی صدوار　　　　"جِن مانس تے دیوتے کئے کرت نہ لاگی وار"

آپ ستگورو پاک کے سچے سیوک اور طالبِ صادق تھے۔ مُرشدِ کامل کے پوتر چرنوں پر دِل و جان سے نثار تھے۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

اوّل اُنہیں جذباتِ عقیدت سے منظم ستگورعالی کی توصیف گاتے ہیں۔

دل و جانم بہر صباح و مسا — سر و فرقم ز رُوئے صدق و صفا
باد بر مُرشدِ طریق نثار — ز سر عجز صد ہزاراں بار
کہ ز انساں ملک نمود است او — عزّتِ خاکیاں فزود است او
مُرشدِ پاک نورِ حق آمد — زاں سبب در دلم سبق آمد

مدحتِ ستگوروں میں بُلبلِ ہزار داستان نے دلفریب نغمہ سنجی کی ہے:-
بافشانِ فصاحت و بلاغت نے شعر و سخن کے کیسے کیسے گل بوٹے کھلائے ہیں۔

در توصیفِ مُرشد العالمین، رحمت المذنبین ستگورو نانک دیوجی مہاراج۔

نامِ او شاہِ نانکِ حق کیش — کہ نیاید چنوں دِگر درویش
طالبِ خاکِ اُو چہ خاص و چہ عام — چہ ملائک چہ حاضرانِ تمام

در مدحتِ سلطنتِ دوم فروغِ شمعِ حق برگزیدۂ ذوالجلال سری گورو انگد دیوجی مہاراج۔

ز وصفش زبانِ دو عالم قصیر! — بود تنگ پیشش فضائے ضمیر
گورو انگد آں مُرشد العالمین — ز فضلِ احد رحمت المذنبین!

درمدحِ سلطنتِ سوم سُلطانِ ممالکِ حق پروری سری گورو امرداس جی مہاراج:-

گورو امرداس آں گرامی نژاد — ز انفضالِ حق ہستی اش را مواد
دو عالم غلامش چہ ہژدہ ہزار — نفضال و کرامتش فزوں از شمار

در وصفِ سلطنتِ چہارم محبوبِ سبحان اعظیم سری گورو رامداس جی مہاراج۔

گورو رامداس آں مُطاعِ الوریٰ — جہانبانِ اقلیمِ صدق و صفا
ہمہ ساجدش داں بصدقِ ضمیر! — چہ اعلیٰ چہ ادنےٰ چہ شاہ و فقیر

در ثنائے سلطنتِ پنجم سرتاجِ شہیداں حقیقت پرور مقبولِ ذاتِ کبریا سری گورو ارجن دیوجی مہاراج۔

گورو ارجن آں مجمعِ جود و نفضال — حقیقت پژوہ بندۂ حق جمال
جنابش نفضالِ حق آمد ازو — فروغِ جمالِ حق آمد ازو

در تعریفِ سلطنتِ ششم زینتِ انجمنِ ارشاد، ہادی سری گورو ہرگوبند جی مہاراج۔

گورو ہرگوبند آں ابا کرم! — کہ مقبول شد نزد شیخ و برہم
ہمہ ... سلطنت نامور — بفرمانِ او جملہ زیر و زبر

در صفتِ سلطنتِ ہفتم تختِ نشیں سلطنتِ بے زوال سری گورو ہررائے جی مہاراج۔

خلق پرور حق نیش گورو کرتا ہررائے — سلطان ہم درویش گورو کرتا ہررائے
... گورو ... — سرور کونین گورو کرتا ہر رائے!

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

درستائشِ سلطنتِ ہشتم تاجِ مقبولانِ مقبول سری گورو ہرکشن جی مہاراج۔

گورو ہرکشن آں ہمہ فضل وجود | حقش از ہمہ خاصگاں بر ستود!
ہمہ عاصیاں راکفی عصمتش! | ثری تا سما جملہ فرماں برش

درمدحتِ سلطنتِ نہم گوہرِ شہادت سرنہادۂ تسلیم و رضا سری گورو تیغ بہادر جی مہاراج۔

گورو تیگ بہادر آں سراپا انفعال | زینت آرائے محفلِ جاہ و جلال!
حق از ہمہ برگزیدگاں بگزیدش | تسلیم و رضائے را نکو سنجیدش

دراوصافِ سلطنتِ دہم سلطان الاوّل والآخر، باطن الباطن والظاہر جلوہ آرائے مشعلِ حق فروغ سری گورو گوبند سنگھ جی کلغی دھر مہاراج ؎ فدائے آستانِ مرشدِ کامل۔ سخنور بارگاہِ ستگورو عقیدت کیش بھائی نندلال نے اپنے رہبرِ کامل اور پیر دستگیر کی مدح سرائی عجب والہانہ انداز سے قلم برداشتہ کی ہے۔ یہ شعر نہیں بلکہ طالبانِ صادق کے لئے پاٹھ اور منتر ہیں جو غیب سے لسان الغیب کو ودیعت ہوئے ہیں۔ صنائع لفظی و معنوی کی جملہ صنعتوں میں کلکِ معجز رقم نے زریں نقش ونگار کھینچے ہیں:۔

ناصر و منصور گورُ گوبند سنگھ | ایزدی منظور گورُ گوبند سنگھ
حق حق آگاہ گورُ گوبند سنگھ | شاہ شاہنشاہ گورُ گوبند سنگھ
حق را محبوب گورُ گوبند سنگھ | طالب و مطلوب گورُ گوبند سنگھ
خالص و بے کینہ گورُ گوبند سنگھ | حق حق آئینہ گورُ گوبند سنگھ
حق حق اندیش گورُ گوبند سنگھ | بادشاہ درویش گورُ گوبند سنگھ
قادرِ ہر کار گورُ گوبند سنگھ | بیکساں را یار گورُ گوبند سنگھ
مُرشدِ الدارین گورُ گوبند سنگھ | بینش ہر عین گورُ گوبند سنگھ
بادجانش فدائے گورُ گوبند سنگھ | فرقِ او برپائے گورُ گوبند سنگھ

(۶) **توصیف وثنا**؎:- سخنور خوش فکر و تخیّل نے نثر مقفّیٰ کی صورت مرشدِ کامل کی معنی خیز تحریف و توصیف کی ہے۔ اپنے سالکِ بزرگ کی مدح میں نکات و معانی کے گلزار کھلائے ہیں عقیدت اور محبّت الفاظ کی شکل اُبھر آئی ہے، علمیّت، نکتہ دانی اور جدّتِ طبع سے ایک گنجِ اوصاف و فضائل قوم کے لئے شاعرِ روشن ضمیر نے جمع کر دیا ہے۔ طبع سرشار و بیخود نے بحرِ علوم سے نایاب گوہر نکالے ہیں۔ صاحبِ نظر نکتہ دان نے ادب و علمیت کی گرانقدر خدمت کی ہے۔ وسیع معلومات نکتہ رسی اور قابلیت نازشِ ادب ہے۔ سرگروہِ سخن سنجاں نے بے مثال مجموعہ صفت و صفات فراہم کیا ہے۔ دلی ارادت اور قلبی عقیدت نے محاسنِ سخن میں اضافہ کرکے قوم و ادب پر احسانِ عظیم کیا ہے۔

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

بھائی صاحب نے شایانِ شانِ ستگورو مدح سرائی کی ہے۔ نثر مرصع لکھی ہے جو تمام خوبیوں سے پُر ہے ا
اُس دورِ قدیم کی یاد دلاتی ہے جس وقت یہ رنگ مقبولِ زمانہ تھا، اڑھائی سو برس گزرنے پر بھی آپکی جملہ تصانیف
کی تازگی اور شگفتگی میں کوئی فرق اور شک و شبہ نہیں۔ یہ تحریر مشکل پسند طبع کی علمیت اور نکتہ وری کی ترجمان۔
لفظی و معنوی صنائع، سلاستِ الفاظ اور متانتِ معانی نثر کی جان ہیں۔ تمام عبارت دقیق، رنگین اور مسجع و مقفیٰ
سطر سطر موتیوں کی لڑی ہے۔ ہر سہ صنعتِ سجع کے علاوہ دیگر صنعتوں میں تشبیہات و استعارات سے رنگین
تلازم و مناسبات سے مزین اور اصطلاح و تخیل سے آراستہ ناثرِ باکمال نے یہ نثر لکھی ہے۔ آپکی نظم و نثر کی
تعریف مشکل ہے۔ آپ فضل و ہنر، علم و ادب میں شہرۂ آفاق اور یگانۂ روزگار تھے۔ عرفان و حکمت میں اُستاد
زماں اور سخندانی میں قادر الکلام شاعر، علم و عمل سے آراستہ، فصاحت و بلاغت میں ماہر، حقائق و معارف
سے آگاہ۔ رموزِ خفی و جلی سے آشنا۔ عارف۔ صاحبدل و پرہیزگار بزرگ تھے، جس طرف قلم اُٹھایا دل و زبان
نے ہم آہنگ ہو کر عجب بہار دکھلائی ہے۔ یہ فن یہ نعت گوئی اور مدح سنجی حقیقت میں ان کی ذاتِ بابرکت ہی
پر ختم ہے۔ آپ کا کلام، آپکی منزل، آپ کا ذوق، فکر، تخیل، تصور اور بیان بہت اونچا ہے۔ مقبولِ حق
عارف و صاحبدل و پرہیزگار بندۂ درگاہِ عالی واقفِ اسرار و حال توصیف و ثناء کے لئے اپنے مرشدِ کامل
کے پرستار اور طالبِ صادق نے بڑی جانفشانی کی ہے۔ فصیح الفاظ استعمال کئے ہیں جن کے معانی البتہ بلیغ
ہیں۔ تزئینِ عبارت کے لئے کس قدر جواہراتِ معدنِ جگر سے نکالے ہیں۔ شائقینِ کمالِ سخن ہی کچھ اندازہ لگا
سکتے ہیں۔ یہاں ناظرین کی ضیافتِ طبع کے لئے نثر جواہر نگار کے کچھ جواہر پارے دیئے جاتے ہیں۔ جو علمِ بدیعہ
کی لفظی و معنوی مختلف صنعتوں کے سچے دھجے ہیں، علمِ عروض، علمِ معانی اور علمِ بیان کے علاوہ علمِ بدیعہ کے
ماہر اُستاد نے الفاظ و معانی میں خوبیوں کے نگینے جڑ دیئے ہیں۔

سمود اعتلائے مرشدِ شامل
توصیف و ثنائے ستگورو کامل

نمونۂ نثر مسجع و مقفیٰ و مرصع در صنائعِ لفظی (جس سے الفاظ میں خوبی حاصل ہو۔)

(۱) شہنشاہِ ملکِ معرفت، آگاہِ رموزِ حقیقت ، مظہرِ ایزدی و تجلیات، مطلعِ صمدی اشحات

(۲) صنعتِ ترصیع (اسمیں جمیع الفاظ متحدالوزن والقوافی ہوتے ہیں)
سرورِ مقربانِ بارگاہِ احدیت ، افسرِ یگانگانِ درگاہِ صمدیت
ہم ملک بندہ خاصانش را
ہم فلک بندہ سگانش را

(۳) صنعتِ معاد (پہلے ٹکڑے کا آخری لفظ دوسرے ٹکڑے کے آغاز میں ہوتا ہے۔)
درویشِ شاہنشاہِ خطاب ، شاہنشاہِ درویش القاب

(۴) صنعتِ سجع (اسمیں دونوں ٹکڑوں کے آخری کلمات موافق ہوتے ہیں) (۱) سجعِ مطرف (آخری کلمات اگرچہ وزن
میں مختلف ہوں مگر روانی یکساں ہو۔)

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

بادشاہِ ہر دو جہاں   کام بخشِ کاراں

(ب) سجعِ متوازی۔ (آخری الفاظ وزن اور روی میں متفق ہوں)

دربائے جود و نضال ، ابرِ بخشش و نوال

(ج) سجعِ موازنہ (سب الفاظ متحد الوزن لیکن مختلف الروی مقابل میں واقع ہوں)

موصوف الملائیکات مسجود القدوسیات ، جزیل وجمیل واکرم ، جلیل ونبیل واعظم۔

(۵) صنعتِ خیفا۔ (جس میں تمام الفاظ بالترتیب منقوط اور غیر منقوط ہوں)

اسنیٰ و اعلیٰ و افضل - اقدس و اطہر و اجزل

(۶) صنعتِ منقوط۔ (سب الفاظ نقطہ دار ہوں)۔

فرخ و فیروز و فرخندہ ۔ باقی و پائیدار و پائندہ

(۷) صنعتِ ذوالقافیتین (دو یا زیادہ قافیہ ہوں)۔

لامکاں گوشہ از ضمیرِ شاں   خلد را توشہ از خمیرِ شاں

ساری نثر صنعتِ ترصیع اور موازنہ سے مرصّع ہے۔ علاوہ ازیں صنائع لفظی کی دیگر اقسام میں بھی ناثرِ فاضل نے بیہ نثر بے ساختہ لکھی ہے:- نمونۂ نثر در صنائع معنوی (جس کے معانی میں کمال حاصل ہو)

(۱) صنعتِ تضاد :- (کلام میں دو کلمے ایک دوسرے کی ضد لانا)

فرمانروائے بالا وزیر   انس افزائے میش وشیر

(۲) صنعتِ مقابلہ :- (دو یا زیادہ معانی کو ایک جا ذکر کرنا جو اوّل معنی کی ضد و مقابل ہوں)

بحر و بر ہر دو را نوا از شاں   مہر و مہ ہر دو را ضیا از شاں

قطبِ دائرۂ سلطنتِ ابد بنیاد   مرکزِ محیطِ عدل و داد

(۳) صنعتِ مراعاۃ النظیر (کئی الفاظ مناسب کلام میں لانا)

ملک الموت را ہراس از شاں   کرسی وعرش را اساس از شاں

گوہر آرائے لوح و قلم   جوہر افزائے صمصام والعلم

(۴) صنعتِ عکس (اوّل جزو کو آخر اور آخر کو اوّل کرنا)

خاتمِ فیروز مندی را نگینِ کبریا   نگینِ تختِ بلندی را نقشِ عالم آرا

(۵) صنعتِ لف ونشر (اوّل چند الفاظ لانا پھر ان کے متعلقہ اشیا کو بیان کرنا)

خرد را صاحب و انصاف را پدرِ مہربان   تمیز را دوستِ دانا و عدالت را پادشاہِ حق نشاں

(۶) صنعتِ جمع (دو یا زیادہ الفاظ کو ایک حکم میں جمع کرنا)

نور بخشِ جمالِ صورت و معنی   حسن افروزِ کمالِ دنیا و عقبیٰ

Digitized by Panjab Digital Library | www.panjabdigilib.org

زیبا و محسن و خوشخو   جوانمرد و سخی و فصیح گو

(۷) صنعتِ تلمیح (کلام میں کسی مشہور قصہ یا واقعہ کی طرف اشارہ کرنا)
بکمالِ شجاعت ناسخِ کارنامہائے بھیم و ارجن۔ حرفِ تراشیں جگناتھ ہنومنت و لچھمن

(۸) صنعتِ تنسیق الصفات (موصوف کو پے در پے صفات سے ذکر کرنا)
عمیم الفیض، کثیر الاحسان، ناصر و منصور و مظفر۔ اشرف و اکمل و انور۔ مقدس و معلی و مطہر

(۹) صنعتِ معما۔ جس میں پوشیدہ بیان ہو۔ رتبع علوی بمدحِ شاں سرگرم   چار و ستادرا از شاں آرند
(۱۹ ناظم) (۲۴ ریشہ)

(۱۰) صنعتِ تشابہ الاطراف۔ (کلام کا اختتام ابتدا کے متناسب ہو)
آسمان و زمیں بپا از شاں   تحت و تا فوق را بقا از شاں

ہر سطر کی صنائع و بدائع کے محاسن سے بے اختیار زیبائش ہے۔ صنائع بالا کی امثلہ بنظرِ اختصار دی گئی ہیں ورنہ دیگر صنائعِ معنوی بھی بکثرت موجود ہیں۔ تمام و کمال تبصرہ کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ ہر جملہ ایک الگ تفسیر کا طالب ہے۔ شائقینِ سخن۔ خود غور و فکر فرمائیں۔

ہر سخن آئینہ دارِ الفتِ پاکِ گورو   مالامال از ذکرِ اقدس دامنِ فکر و خیال

نصائحِ گویا

یوں تو آپ کے ہر ایک شعر میں درسِ نصیحت ہے لیکن یہاں صرف چند پندِ سودمند تبرکاً دی جاتی ہیں:-

(۱) یادِ حقیقی کے بغیر یہ حیات موت کے برابر ہے۔ ہر سانس کو ذاکر رکھنا چاہیئے۔
در آں زماں کہ نیائی بیاد می میرم   بغیر یادِ تو زیں زیستن چہ سود مرا

(۲) اگر قلبِ سلیم مصفا ہو تو اسمیں سب کچھ نظر آسکتا ہے۔ اسے جملہ آلائش سے صاف رکھنا چاہیئے۔
دل اگر دانا بود اندر کنارش یار ہست   چشم گر بینا بود در ہر طرف دیدار ہست

(۳) محبوبِ حقیقی کا جلوہ دیدۂ بینا میں موجود ہے تلاشِ یار میں صحرا و دشت میں سرگرداں رہنا فضول ہے۔
